www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

ABC Certified

روزنامہ
پاکستان بلیٹن
کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | ہفتہ 04 اپریل 2026ء بمطابق 15 شوال 1447ھ | شمارہ 249 | قیمت 10 روپے

حکومت سندھ ہر رجسٹرڈ موٹر سائیکل کو 2000 روپے سبسڈی

مسافر بسوں کو ایک لاکھ، چھوٹی ٹرکوں کو 70 ہزار اور بڑی ٹرکوں کو 80 ہزار ماہانہ ملے گا، وزیراعلیٰ کا 55 ارب روپے کے ٹارگٹڈ سبسڈی پیکج کا اعلان

چھوٹے کاشت کاروں کو 1500 روپے فی ایکڑ ون ٹائم سبسڈی دی جائیگی، ٹرانسپورٹرز سے کرائے نہ بڑھانے کا حلف لیا جائیگا، مراد علی شاہ

جن کی موٹر سائیکل اپنے نام پر نہیں وہ 15 روز میں ٹرانسفر کرا لیں، شہری بسوں کو 1 لاکھ 40 ہزار روپے دیے جائیں گے، پریس کانفرنس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے جمعرات کے روز بڑھتی ہوئی ایندھن کی قیمتوں کے اثرات سے معاشرے کے کمزور طبقات کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے 55 ارب روپے کے جامع ہدفی سبسڈی پیکج کا اعلان کیا جو علاقائی کشیدگی، خصوصاً ایران تنازع کے باعث عالمی تیل کی قیمتوں میں اضافے کے تناظر میں متعارف کرایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت عوام کے لیے اعلان کردہ سبسڈیز کی مد میں 55 ارب روپے کا بوجھ برداشت کرے گی۔ صوبائی وزرا ناصر شاہ، محمد بخش خان مہر، مکیش کمار چاولہ اور میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کے ہمراہ وزیراعلیٰ ہاؤس میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بدلتی ہوئی جغرافیائی و سیاسی صورتحال نے عالمی تیل کی قیمتوں کو شدید متاثر کیا ہے جس کے باعث پاکستان جیسے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

بنوں کے تھانہ ڈومیل پر خودکش دھماکہ، 10 شہری شہید

خودکش حملہ آور نے تھانے کے باہر سول آبادی کو نشانہ بنا ڈالا، خودکش حملے میں شہید ہونے والوں میں 7 خواتین، ایک بچہ اور 2 مرد شامل ہیں، بنوں خودکش حملے کے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا

بہترین حفاظتی اقدامات کی بدولت تھانہ ڈومیل پر حملہ ناکام ہوا لیکن خوارج کی بزدلی کی وجہ سے عام آبادی کو نقصان اٹھانا پڑا، سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا، سیکیورٹی ذرائع

بنوں (ویب ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں کے تھانہ ڈومیل پر خوارج کا بزدلانہ خودکش حملہ ناکام بنا دیا گیا، 10 شہری شہید اور 4 زخمی ہو گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق خودکش حملہ آور نے تھانے کے باہر سول آبادی کو نشانہ بنا ڈالا، خودکش حملے میں شہید ہونے والوں میں 7 خواتین، ایک بچہ اور 2 مرد شامل ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ بنوں خودکش حملے کے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں فوری طبی امداد کی فراہمی جاری ہے، ریسکیو ٹیمیں اور مقامی افراد متاثرہ عمارت کا ملبہ ہٹانے اور امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بہترین حفاظتی اقدامات کی بدولت تھانہ ڈومیل پر حملہ ناکام ہوا لیکن خوارج کی بزدلی کی وجہ سے عام آبادی کو نقصان اٹھانا پڑا۔ سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ریسکیو اینڈ سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے، یہ عناصر بنوں کے امن پسند عوام کو دہشت گردی میں جھونکنا چاہتے ہیں، تاہم ان خوارج کا خاتمہ یقینی ہے۔ سیکیورٹی ذرائع نے واضح کیا ہے کہ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک نیشنل ایکشن پلان کے تحت کارروائیاں جاری رہیں گی۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے بنوں میں ڈومیل پولیس سٹیشن پر خودکش حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایوان صدر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

اشرافیہ محفوظ، عام آدمی مسلسل قربانی دے رہا ہے، اسد قیصر

حالیہ کشیدگی کے دوران پیٹرولیم قیمتوں میں سب سے زیادہ اضافہ ہوا

وجہ بھاری ٹیکسز، لیوی، روپے کی گرتی قدر اور مسلسل ناکام پالیسی ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پی ٹی آئی رہنما اسد قیصر کا کہنا ہے کہ پاکستان دنیا کا واحد ملک بن چکا ہے جس نے حالیہ علاقائی کشیدگی کے دوران پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں سب سے زیادہ اضافہ کیا ہے۔ ایک ہی عالمی مارکیٹ مگر پاکستان میں پیٹرول سب سے مہنگا۔ وجہ صرف .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

PARCO
589.9
HI SUPER
459.6
DIESEL
521.6
CNG

پیٹرول کی قیمت 458.4 روپے اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 520.35 روپے ہوگئی

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ

پی ٹی آئی کا اے پی سی بلانے کا فیصلہ

نائجیریا میں قیمتوں میں اس قدر اضافہ نہیں ہوا، ایران میں کشیدگی کے باعث عالمی سطح پر قیمتوں میں اتار چڑھاؤ ضرور آیا ہے

پاکستان ویتنام سے بھی آگے نکل گیا، حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ کیا ہے، بیرسٹر گوہر

جب قیمتیں کم کی جاتی ہیں تو وزیراعظم خود اعلان کرتے ہیں، لیکن اضافے کے وقت انہیں بھی سامنے آنا چاہیے تھا

حقیقت ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں اس سے پہلے کبھی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اتنا بڑا اضافہ نہیں دیکھا گیا، تیمور جھگڑا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے خلاف پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے ہم خیال سیاسی جماعتوں کو ساتھ ملا کر آل پارٹیز کانفرنس (اے پی سی) بلانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس فیصلے کا اعلان چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے ایک پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ اسلام آباد میں دیگر پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافہ کیا ہے۔ انہوں نے موازنہ کرتے ہوئے کہا کہ نائجیریا میں قیمتوں میں اس قدر اضافہ نہیں ہوا بلکہ پاکستان ویتنام سے بھی آگے نکل گیا ہے، ان کا کہنا تھا کہ ایران میں کشیدگی کے باعث عالمی سطح پر قیمتوں میں اتار چڑھاؤ ضرور آیا ہے۔ اس موقع پر تیمور سلیم جھگڑا نے کہا کہ حکومت گزشتہ چار سالوں میں معیشت کے لیے کوئی مؤثر اقدامات .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

حکومت ریلیف کیلئے اقدامات کر رہی، رانا ثناء

پٹرول بحران ہمارا پیدا کردہ نہیں، دنیا کو اس وقت توانائی کا چیلنج درپیش ہے

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں عالمی سطح پر مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، مشیر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ پٹرول بحران ہمارا پیدا کردہ نہیں، حکومت ریلیف دینے کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔ وفاقی دارالحکومت میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناءاللہ کا کہنا تھا کہ دنیا کو اس وقت توانائی کا چیلنج درپیش ہے، پٹرولیم .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

مہنگائی کے خلاف احتجاجی مارچ بھی کیے جائیں گے، سلمان اکرم راجہ

لاہور (ویب ڈیسک) پی ٹی آئی سلمان اکرم راجا نے پریس کانفرنس میں اعلان کیا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف آئندہ ایک دو روز میں آل پارٹیز .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

لاڑکانہ: پیٹرول کی قیمت میں اضافے کے بعد ای بائیک کی مانگ میں اضافہ ہوگیا

جب تک پریشر نہیں بنائیں گے، بانی رہا نہیں ہوگا، علیمہ خان

لاہور (ویب ڈیسک) عدالتی کارروائی کے بعد میڈیا سے گفتگو میں علیمہ خان کا کہنا تھا کہ پٹرول کی قیمتیں بڑھ گئیں ہیں کیونکہ ہم لوگ مسلسل برداشت کر رہے ہیں، ہماری ذمہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 46

تھوڑا وقت اور دیں، آبنائے ہرمز کھول کر تیل پر قبضہ کر لیں گے، ٹرمپ

امریکی صدر نے ایک مرتبہ پھر ایران کی توانائی تنصیبات پر قبضے کا بھی ارادہ بھی ظاہر کیا

واشنگٹن (ویب ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تازہ بیان میں دعویٰ کیا ہے امریکا اپنی فوجی قوت کے ذریعے آبنائے ہرمز کھلوا سکتا ہے۔ انہوں نے ایک مرتبہ پھر ایران کی توانائی تنصیبات پر قبضے کا بھی ارادہ بھی ظاہر کیا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر جاری پیغام میں ڈونلڈ ٹرمپ نے لکھا کہ کچھ ہی وقت بعد ہم با آسانی آبنائے ہرمز کھول سکتے ہیں، تیل پر قبضہ کر سکتے ہیں اور خوب پیسہ کما سکتے ہیں۔ انہوں نے اس پیغام کا اختتام سوالیہ جملے سے کیا اور لکھا کہ یہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

عوام پر ٹیکسوں کا بوجھ، اشرافیہ کی شاہانہ زندگی برقرار ہے، مصطفیٰ نواز

پڑوس میں جنگ ہے اور عالمی معیشت میں بربادی، ہر ملک قیمت ادا کر رہا ہے

لاہور (ویب ڈیسک) سابق سینیٹر مصطفیٰ نواز کھوکھر کا کہنا ہے کہ پڑوس میں جنگ ہے اور عالمی معیشت میں بربادی۔ ہر ملک قیمت ادا کر رہا ہے۔ پاکستانیوں کے پاس بھی ادا کرنے کے علاوہ کوئی چارہ نہیں پر حکمران طبقہ اپنے شاہانہ طور طریقے تو بدلے۔ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا اربوں کے جہاز اور کروڑوں کی گاڑیوں کی خریداری تو بند کرے۔ جاہ و جلال پر مبنی پروٹوکول اور عوام کے پیسوں پر عیاشی تو ختم کرے۔ خط چھوڑیں دنیا بھر میں ہمارے ہاں پٹرول پر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

مریم نواز کا پبلک ٹرانسپورٹ فری کرنے کا اعلان

زراعت، خوراک اور کسان کے تحفظ کیلئے نقد رقم دی جائے گی، کاشتکاروں کو فی ایکڑ فی لٹر ڈیزل پر 100 روپے سبسڈی دی جائے گی

مشکل حالات میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، ان غیر معمولی حالات میں شہری ذاتی سواری کے بجائے پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کریں

ایک ماہ میں اربوں روپے کا ریلیف دے کر وزیراعظم شہباز شریف نے عوام کو مشکلات سے بچانے کی بھرپور اور مخلصانہ کوشش کی، وزیراعلیٰ

لاہور (ویب ڈیسک) صوبائی حکومت نے پنجاب کے تمام شہروں کے اندر چلنے والی پبلک ٹرانسپورٹ فری کرنے کا اعلان کر دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ریلیف پیکج کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ زراعت، خوراک اور کسان کے تحفظ کے لیے نقد رقم دی جائے گی، کاشتکاروں کو فی ایکڑ فی لٹر ڈیزل پر 100 روپے سبسڈی دی جائے گی۔ ریلیف پیکج کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

ہماری تمام تر ہمدردیاں شہداء کے خاندانوں کیساتھ ہیں، محسن نقوی

بہادر فورسز دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے کیلئے پوری طرح چوکس ہیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بنوں کے تھانہ ڈومیل میں خوارجیوں کا خودکش حملہ ناکام بنانے پر پولیس کی ستائش کی ہے، وزیر داخلہ محسن نقوی نے خودکش حملے میں آبادی کو نشانہ بنانے کے واقعہ کی مذمت کی اور خواتین۔ بچوں سمیت 5 افراد کی شہادت پر اظہار افسوس کیا۔ وزیر داخلہ نے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔ اس موقع پر وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ ہماری تمام تر ہمدردیاں شہدا کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

وزیراعظم شہباز شریف کی طرف سے ریلوے مسافروں کیلئے بڑا ریلیف

حکومت پاکستان نے ڈیزل قیمتوں میں اضافے کا اثر خود برداشت کرنے کا فیصلہ کر لیا

آپریشنل اخراجات پورے کرنے کیلئے ٹرین کرایوں میں 30 فیصد اضافہ ناگزیر تھا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف کی طرف سے ریلوے مسافروں کو بڑا ریلیف دے دیا گیا۔ حکومت پاکستان نے ڈیزل قیمتوں میں اضافے کا اثر خود برداشت کرنے کا فیصلہ کر لیا، آپریشنل اخراجات پورے کرنے کیلئے ٹرین کرایوں میں 30 فیصد اضافہ ناگزیر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

کراچی: بارش کا 41 سالہ ریکارڈ ٹوٹ گیا، شہر میں قوس و قزح کا خوبصورت منظر

ایران کا امریکی ریڈار بحری تنصیبات اور لڑاکا طیارہ تباہ کرنے کا دعویٰ

مشرق وسطیٰ میں جنگ 35 ویں روز میں داخل، پاسدارانِ انقلاب نے دبئی میں امریکی ٹیکنالوجی کمپنی اوریکل کے ایک ڈیٹا سینٹر کو نشانہ بنایا

لڑاکا طیارہ مکمل طور پر تباہ ہو کر گر کر تباہ ہو گیا، طیارے کو شدید نقصان پہنچنے کے باعث پائلٹ کے بارے میں کوئی معلومات دستیاب نہیں، ایرانی میڈیا

تہران (ویب ڈیسک) مشرق وسطیٰ میں جنگ 35 ویں روز میں داخل ہو گئی، امریکا اسرائیل کے حملوں میں شدت آ گئی، تہران، کرج، قم، بندر عباس اور ایران کے دیگر علاقوں پر حملے کیے گئے، ایران نے امریکی تنصیبات اور اسرائیلی فوجی اہداف کو نشانہ بنایا ہے، قیشم جزیرے پر لڑاکا طیارہ مار گرایا، ابراہم لنکن بیڑے پر کروز میزائلوں سے حملہ کیا۔ سوشل میڈیا صارفین اور ذرائع ابلاغ نے گزشتہ چند گھنٹوں کے دوران مغربی تہران، ملارد، پارچین، کرج، مہر شہر، شہریار، بندر عباس، بہبہان، براز جان اور بوشہر میں دھماکوں کی اطلاعات دی ہیں، اسی طرح تبریز، شیراز اور قم میں بھی دھماکوں اور حملوں کی خبریں سامنے آئی ہیں۔ جنگ کے آغاز سے اب تک ایران میں 2076 افراد شہید ہو چکے ہیں، 26 ہزار 500 سے زائد زخمی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

سہیل آفریدی

حکمران عوام پر مسلسل بوجھ ڈال رہے ہیں

حکومت صوبائی سطح پر کرائسز مینجمنٹ پالیسی تشکیل دے گی، مہنگائی کے اثرات کم کرنے کیلئے مزید ریلیف اقدامات جلد متعارف کروائے جائیں گے

وقتی اور نمائشی اقدامات سے مسائل حل نہیں ہوں گے، مستقل اور دیرپا پالیسی ناگزیر ہے، حکمرانوں کے پاس بحران سے نکلنے کا واضح منصوبہ نہیں ہے

پشاور (ویب ڈیسک) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کا کہنا ہے کہ حکومت صوبائی سطح پر کرائسز مینجمنٹ پالیسی تشکیل دے گی، مہنگائی کے اثرات کم کرنے کیلئے مزید ریلیف اقدامات جلد متعارف کروائے جائیں گے۔ صوبائی کابینہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سہیل آفریدی نے کہا کہ وفاق نے پیٹرول، ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کر کے مہنگائی کا بوجھ بڑھا دیا، پاکستان کی تقریباً 45 فیصد آبادی غربت کی لکیر سے نیچے جا چکی ہے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ وقتی اور نمائشی اقدامات سے مسائل حل نہیں ہوں گے، مستقل اور دیرپا پالیسی ناگزیر ہے، حکمران عوام پر مسلسل بوجھ ڈال رہے ہیں، حکمرانوں کے پاس بحران سے نکلنے کا واضح منصوبہ نہیں ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ این ایف سی میں صوبے کا حصہ مکمل طور .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

وزیراعظم کی ہدایات پر ٹول پلازہ فیس میں ہونیوالا سہ ماہی اضافہ معطل

لاہور (ویب ڈیسک) وزیراعظم کی ہدایات پر ٹول پلازہ فیس میں ہونے والا سہ ماہی اضافہ معطل کر دیا گیا ہے۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے این ایچ اے کو نوٹیفکیشن واپس لینے کے احکامات جاری کر دیے۔ وفاقی وزیر کا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

اسحاق ڈار کا سعودی وزیر سے ٹیلیفونک رابطہ، قریبی رابطے پر اتفاق

اسلام آباد (ویب ڈیسک) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان سے ٹیلی فونک رابطہ ہوا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

شاہراہ فیصل کراچی پر ناقص سیوریج نظام کے باعث سڑکوں پر پانی جمع ہے

Daily Pakistan Bulletin Karachi
ABC Certified
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
چیف ایڈیٹر: سراج احمد — مینجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، ہینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
☎ 021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

بلوچستان: آپریشن میں 4 دہشتگرد ہلاک

بلوچستان کے ضلع خاران میں سکیورٹی فورسز کے فتنہ الہندوستان کے خلاف آپریشن میں 4 دہشت گرد ہلاک ہوگئے، جبکہ 2 کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ آپریشن کے دوران شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں کالعدم تنظیم کے چار دہشت گرد ہلاک ہوئے جبکہ دو کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا۔ کوئٹہ میں سریاب روڈ پر پولیس چوکی پر فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کی جانب سے فائرنگ اور دستی بم سے حملہ کیا گیا۔ دھماکے اور فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق جبکہ پولیس اہلکار سمیت 12 افراد زخمی ہوگئے۔ مسلح افراد نے نجی گاڑی کو آگ لگادی۔ فورسز کی جوابی فائرنگ کے بعد مسلح دہشت گرد فرار ہوگئے۔ پولیس کے مطابق دھماکے میں 3 ایف سی اہلکار بھی زخمی ہوئے، زخمیوں کو سول ہسپتال کے ٹراما سینٹر منتقل کردیا گیا۔

خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں ٹی ٹی پی کے فتنہ الخوارج دہشت گردی کے لیے سرگرم ہیں۔ بلوچستان میں علیحدگی پسند بھی دہشت گردی میں ملوث ہیں۔ فرقہ وارانہ واقعات بھی ہوتے رہتے ہیں۔ ملک میں جہاں کہیں بھی اور جس طرح کی بھی دہشت گردی ہوتی ہے، پس منظر میں پاکستان کا ازلی اور ابدی دشمن بھارت موجود ہے۔ یہ سب دہشت گرد بھارت کی پراکسی کے طور پر سرگرم ہیں۔ بھارت 2025 کی شکست فاش کے زخم چاٹ رہا ہے۔ وہ میدان میں پاکستان کا مقابلہ کرنے کے قابل نہیں رہا تو اپنی پراکسیز کو زیادہ متحرک کر دیا، جس کے باعث پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں تیزی اور شدت میں اضافہ ہوا۔ بھارت کی سب سے بڑی پراکسی کا کردار طالبان رجیم ادا کر رہی ہے۔ بھارت کے ایما پر طالبان رجیم نے پاکستان پر حملہ تک کر دیا، جس کا پاکستان نے اسی طرح جواب دیا جس طرح بھارت کو دھول چٹائی تھی۔ پاکستان نے طالبان رجیم کے ساتھ سارے رابطے ختم کرتے ہوئے افغانستان کے ساتھ بارڈر سیل کر دیا، جس کے باعث دہشت گردی کے واقعات اور شدت میں واضح کمی آئی۔ روزانہ کی بنیاد پر خیبر پختون خواہ اور بلوچستان میں دہشت گردی کے واقعات ہوتے تھے بعض دفعہ تو ایک دن میں تین تین چار چار بھی دہشت گردی کی کارر۔وائیاں ہوتی تھیں۔ اب یہ محدود ہو چکی ہیں۔ بلوچستان میں پہلے ہی دہشت گردی کے واقعات کو کافی حد تک کنٹرول کیا جا چکا تھا اب خیبر پختون خواہ میں بھی وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری کے مطابق دہشت گردی میں 60 فیصد کی آئی ہے۔ اتنی کمی کی ایک وجہ خیبر پختون خوا حکومت کا مرکز کے شانہ بشانہ ہونا بھی ہے۔ علی امین گنڈا پور کی طرح سہیل آفریدی کی طرف سے بھی پہلے خیبر پختون خوا میں دہشت گردوں کے خلاف جاری آپریشنز کی مخالفت کی گئی۔ سابق وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور مرکز کے نقطہ نظر کے حامی ہوئے تو بانی تحریک انصاف عمران خان نے ان کو تبدیل کر کے سہیل آفریدی کو وزیر اعلیٰ بنا دیا۔ پہلے تو سہیل آفریدی کی طرف سے بھی آپریشنز کی مخالفت کی گئی تاہم اب وہ مرکزی حکومت کی پالیسی کو آگے بڑھاتے ہوئے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ممکنہ صوبائی وسائل کی فراہمی کے ساتھ ساتھ مکمل حمایت بھی کر رہے ہیں۔ جس پر مرکز کی طرف سے ان کی پذیرائی بھی کی جارہی ہے۔ بھارت کسی نہ کسی موقع کی تلاش میں رہتا ہے اور فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کی صورت میں اپنی پراکسیز کو پاکستان میں دہشت گردی کے لیے متحرک کر دیتا ہے۔ ان دہشت گردوں کو افغان طالبان رجیم کی مکمل سرپرستی حاصل ہے۔ یہی صورتِ حال طالبان رجیم کے خلاف آپریشن غضب للحق کو دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جاری رکھنے کی متقاضی ہے۔

ام رباب کو انصاف کون دے گا۔۔۔؟

میاں حبیب

پاکستان کا نظام انصاف بڑا پیچیدہ ہے۔ یہاں مقتول کو ثابت کرنا پڑتا ہے کہ وہ کیوں قتل ہوا، شک کے تمام تر فائدے قاتل کو دیئے جاتے ہیں۔ قاتل قتل کر کے مقتول کے لواحقین کی بے بسی پر قہقہے لگا رہا ہوتا ہے اور مدعی سرتوڑ کوشش کے باوجود یہ ثابت نہیں کر پاتا کہ مقتول کیونکر مارا گیا تھا۔ مدعی کے ایک ایک لفظ ایک ایک نقطے اور زیر زبر کا پوسٹمارٹم کیا جاتا ہے اور ہر بات سے شکوک وشبہات نکالنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ پاکستان میں انصاف کا حصول جوئے شیر لانے کے مترادف ہے۔ سندھ کے علاقے میہڑ ضلع دادو کا ایک قتل کیس اس کی مثال ہے۔ 17 جنوری 2018 کو ایک وقوعہ ہوتا ہے جس میں صبح 9 بجے آتشیں اسلحہ سے لیس افراد گاڑیوں میں سوار ہو کر آتے ہیں اور فائرنگ کر کے دو سگے بھائیوں اور ان کے والد کو قتل کر دیتے ہیں دو افراد کی موقع پر موت ہو جاتی ہے جبکہ تیسرے کو شدید زخمی حالت میں لاڑکانہ کے ہسپتال داخل کروا دیا جاتا ہے جہاں شام کو اس کی بھی وفات ہو جاتی ہے۔ لواحقین پوسٹمارٹم کروانے اور تدفین کے بعد مقدمہ درج کرواتے ہیں، مقدمہ 18 جنوری 2018 کو پرویز احمد کی مدعیت میں درج ہوتا ہے۔ جس کے دو بھائیوں اور والد کا قتل ہوا ہوتا ہے ایک مقتول کی بیٹی جلد انصاف کے لیے کبھی ننگے پاؤں تو کبھی لالٹین لے کر عدالتوں کے چکر لگاتی ہے۔ سوشل میڈیا اور عوام میں اس کو زبردست پذیرائی ملتی ہے، لوگ اس کو جلد انصاف دلانے کے لیے آواز بھی اٹھاتے ہیں لیکن نہ پولیس نہ عدالتوں اور نہ ہی اداروں کی جانب سے اسے کوئی پذیرائی حاصل ہوتی ہے۔ وہ بچی ام رباب اسلام آباد پہنچتی ہے اور اس وقت کے چیف جسٹس میاں ثاقب نثار کی گاڑی کے آگے کھڑی ہو کر انھیں روک لیتی ہے چیف جسٹس صاحب اسے یقین دہانی کرواتے ہیں کہ آپ کے کیس کا فیصلہ دو ماہ میں ہو جائے گا۔ بعد ازاں تحریری طور بھی ڈائریکشن دی جاتی ہے کہ اس کیس کا فیصلہ تین ماہ میں کیا جائے لیکن عملی طور پر اس کا الٹ اثر ہوتا ہے۔ پہلے یہ کیس انسداد دہشتگردی کی عدالت میں چل رہا ہوتا ہے جہاں قانون کے مطابق چھ ماہ میں فیصلہ ہونا ہوتا ہے لیکن بعد ازاں یہ کیس ٹرائل کورٹ سیشن کورٹ میں بھیج دیا جاتا ہے جہاں 8 سال تک کیس لٹکا رہتا ہے۔ 8 سال میں 392 پیشیوں کے بعد ایڈیشنل سیشن جج اس قتل کیس کا فیصلہ سناتے ہیں اور 2 ارکان سندھ اسمبلی سمیت آٹھوں ملزموں کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے باعزت بری کر دیتے ہیں فیصلہ سننے کے بعد ام رباب باپ چچا اور دادا کی قبروں پر جاتی ہے اور قبروں سے لپٹ کر آہ وزاری کرتے ہوئے کہتی ہے کہ میں آپ کو انصاف نہ دلا سکی دوسری جانب المیہ دیکھیں بااثر ملزمان کے بری ہونے پر ان پر سرخ گلابوں کی پتیاں نچھاور کی جاتی ہیں جلوس کی صورت میں انہیں لے جایا جاتا ہے اور زبردست ہوائی فائرنگ کر کے جشن منایا جاتا ہے جس کی فوٹیج سوشل میڈیا پر چل رہی ہیں۔ فرض کریں ملزم بے گناہ تھے لیکن سرعام ہوائی فائرنگ تو ساری دنیا نے دیکھی ہے اس پر بھی قانون خاموش ہے۔ کسی پولیس اہلکار کو جرات نہیں ہوئی کہ وہ قانون کی اس خلاف ورزی پر ہی کوئی کارروائی کر کے کم از کم یہ تاثر تو برقرار رکھ لیتا کہ قانون موجود ہے۔ انتہائی بدقسمتی کہ پورے پاکستان میں قانون نافذ کرنے والوں کے کان پر جوں تک بھی نہیں رینگی۔

اب ذرا قتل کیس کے حوالے سے دیکھ لیں کہ ملزمان کیوں بری ہوگئے۔ قرار دیا گیا کہ ایف آئی آر 16 گھنٹوں کی تاخیر سے درج کروائی گئی حالانکہ مدعی وقوعہ سے دو سو میٹر کے فاصلے پر ہسپتال میں موجود تھا تاخیر سے شکوک وشبہات پیدا ہوتے ہیں کہ ملزمان کے خلاف ایف آئی آر باقاعدہ مشاورت اور منصوبہ بندی سے درج کروائی گئی ہے۔ قرین قیاس بات ہے اتنے بڑے وقوعہ کے بعد انسان کے اوسان خطا ہوجاتے ہیں۔ مدعی مقتولین کو دیکھتا، کافی دور لاڑکانہ ہسپتال میں داخل زخمی کو دیکھتا، پوسٹمارٹم کرواتا تدفین کا بندوبست کرتا یا فوری ایف آئی آر درج کرواتا۔

عینی شاہدین کے بیانات بھی بدنیتی پر مبنی قرار دیے گئے ہیں کہ عدالت میں گواہان نئی تفصیلات سامنے لے آئے جو ایف آئی آر اور پولیس بیان میں نہیں تھی۔ یہ بھی نکتہ اٹھایا گیا کہ اگر ملزمان سارے خاندان کو ختم کرنا چاہتے تھے تو گواہان کو زندہ کیوں چھوڑ دیا گیا اور پولیس نے عینی شاہدین دکانداروں کے بیانات کیوں نہ لیئے۔ رکن اسمبلی سردار خان چانڈیو کو قتل میں ملوث ثابت کرنے کے شواہد بھی نامکمل ہیں۔ وہ وقوعہ کے روز دوسرے ضلع ٹنڈو محمد خان میں موجود تھا، ٹیلیفون کال ریکارڈ کی تفصیلات کی تصدیق سولر کمپنیوں سے نہیں کروائی گئی ان میں آواز کی ریکارڈنگ موجود نہیں جس کی وجہ سے وہ قانونی طور پر رابطے یا سازش ثابت کرنے کے لیے ناکافی ہیں ایسے لگتا ہے کہ پولیس تفتیش اور پراسیکیوشن کی تمام تر توجہ ملزمان کی بیگناہی پر مرکوز تھی۔ یہ بھی ممکن ہے کہ ملزمان بیگناہ ہوں لیکن تین بندوں کو آخر کسی نے تو مارا ہے وہ مارنے والے آخر کون ہیں اس کا تعین کون کرے گا۔ کیا ان کا قتل کھوہ کھاتے چلا جائے گا۔ ام رباب اپنے پیاروں کا خون کس کے ہاتھ پر تلاش کرے۔ یوں لگتا ہے 8 سال ملزمان کی بیگناہی ثابت کرنے پر صرف ہوئے ہیں۔ ریاست ہر شہری کی اصل وارث ہوتی ہے اور جس کی پیروی کرنے والا کوئی نہ ہو اس کی پیروی بھی ریاست کرتی ہے۔ اگر یہ سارے نامزد ملزم بیگناہ تھے تو کسی پولیس اہلکار نے یہ زحمت کیوں نہ گوارا کی کہ وہ اصل قاتلوں کو ڈھونڈ نکالتا۔ اب اس کا تعین کون کرے گا کہ ام رباب کے والد چچا اور دادا کو کس نے مارا ہے۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ مقتولین نے آپس میں ایک دوسرے کو گولیاں ماردی ہوں ویسے پولیس سے کچھ بعید نہیں کہ وہ یہ کہہ دے کہ ایسا بھی ہو سکتا ہے۔ کاش فیصلہ میں اس کیس کے تحقیقات کاروں کو یہ ہی حکم دے دیا جاتا کہ اصل قاتلوں کو 6 ماہ میں عدالت میں پیش کیا جائے ورنہ تحقیقات کاروں کو سزا ملے گی۔ ذرا غور کیجئے گا کہ پاکستان میں جرائم کیوں بڑھ رہے ہیں۔ جس معاشرے میں انصاف ناپید ہو جائے وہاں اسی قسم کی افراتفری جنم لیتی ہے جس کا شکار پاکستان نظر آتا ہے۔

آج سے 20 سال قبل لندن میں ایک قتل کیس کا بڑا چرچا تھا۔ بارہ تیرہ سال کی ایک لڑکی کی نعش دریائے ٹیمز سے ملی جس کو زیادتی کے بعد قتل کر کے دریا میں پھینک دیا گیا تھا۔ نہ اس واقعہ کا کوئی مدعی تھا نہ ملزم کا پتہ تھا بچی بھی شکل وصورت سے برٹش نہیں لگتی تھی۔ پاکستان میں ایسا واقعہ ہوا ہوتا تو پولیس نے لاوارث قرار دے کر دفنا کر جان چھڑوا لینی تھی لیکن چونکہ برطانیہ کی ریاست ہر شہری کی وارث ہے اس لیے پولیس نے تحقیقات کا آغاز کیا، بچی اور اس کے جسم سے ملنے والے ملزم کے شواہد کے ٹیسٹ کروائے گئے۔ تحقیقات پر کئی سال لگ گئے لاکھوں پاونڈ اس کی تحقیقات پر خرچ ہوئے آخر کار پولیس ملزم تک پہنچنے میں کامیاب ہوگئی اور پولیس نے ملزم کو جمیکا سے جا کر گرفتار کرلیا۔ نہ ملزم برطانیہ کا تھا نہ مقتولہ برطانیہ کی تھی لیکن چونکہ وقوعہ برطانیہ میں ہوا تھا انھوں نے بھاری رقوم خرچ کر کے اور اپنے تمام تر وسائل خرچ کر کے پوری تندہی کے ساتھ کیس کو منطقی انجام تک پہنچایا اور انصاف کا بول بالا کرنے کے لیے آخری حد تک پہنچا گیا لیکن بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں جرم کو پروموٹ کرنے کے لیے سہولت کاری کی جاتی ہے۔ انصاف کی بالادستی کی حوصلہ شکنی ہو رہی ہے۔ ریاستی اداروں کو اس پر توجہ دینی چاہیے۔

کہیں ایسا نہ ہو کہ بات پوائنٹ آف نو ریٹرن تک جا پہنچے۔

پی ٹی آئی کیا سیاسی جماعت ہے یا محض سیاسی گروہ؟

سعد اختر

قرآن کریم میں لفظ سیاست تو نہیں، البتہ ایسی بہت سی آیتیں موجود ہیں جو سیاست کے مفہوم کو واضح کرتی ہیں۔ قرآن کا بیشتر حصہ سیاست پر محیط ہے۔ مثلاً قرآن میں عدل و انصاف کا ذکر ہے۔ مظلوموں سے اظہار ہمدردی، حمایت، ظالم اور ظلم سے نفرت، اس کے علاوہ انبیا اور اولیا کرام کا انداز سیاست بھی قرآن میں بیان کیا گیا ہے۔ علما کا دعویٰ ہے کہ صرف خلافت اور مسلم بادشاہت ہی جائز اسلامی سیاسی نظام ہیں۔ اسلام میں سیاست اس فعل کو کہتے ہیں جس کے انجام دینے سے لوگ اصلاح سے قریب اور فساد سے دور ہو جائیں۔ تاہم اہل مغرب فن حکومت کو سیاست کہتے ہیں اور امور مملکت چلانے والوں کو سیاستدان کہا جاتا ہے۔ لغت میں سیاست کے معنی حکومت چلانا اور لوگوں کی اصلاح کرنا ہے جبکہ قرآن میں سیاست کے معنی حاکم کا عدل و انصاف کے ساتھ لوگوں کے معاملات کا فیصلہ کرنا ہے۔ حدیث میں سیاست کے معنی عدل و انصاف اور تعلیم وتربیت کے ہیں۔ لیکن ہمارے ملک میں سیاست کو پراگندہ کر دیا گیا ہے اور ہمارے سیاستدان سیاست کے حقیقی رول کے برعکس کردار ادا کرتے نظر آتے ہیں۔ ایسی کئی مثالیں موجود ہیں جن سے ان کے اس سیاسی کردار کا پتا چلتا ہے۔

پاکستان میں بہت سی سیاسی جماعتیں ہیں۔ صرف رجسٹرڈ جماعتوں کی بات کریں تو الیکشن کمیشن آف پاکستان کے مطابق ان کی تعداد ڈیڑھ سو تک پہنچ گئی ہے جن میں پی ٹی آئی) پاکستان تحریک انصاف (بھی شامل ہے جس کا اپنا ہی طرز سیاست ہے۔ منفی طرز سیاست کے باعث اب وہ اتنی بے نقاب ہو چکی ہے کہ اس کے رہنماؤں کے اصل چہرے سامنے آنا شروع ہو گئے ہیں جنھیں سیاست کا بدنما داغ کہا جاسکتا ہے۔ یہ لوگ ملک کی سلامتی اور عزت و وقار کے لیے شدید خطرہ اور بدنامی کا باعث بنے ہوئے ہیں۔ علیمہ خان ملک کے اندر جو کچھ کر رہی ہیں اور باہر بیٹھے یوٹیوبرز جو ہرزہ سرائی کرتے ہیں وہ اب کسی سے ڈھکی چھپی بات نہیں۔ زلفی بخاری نے بانی پی ٹی آئی کے بیٹوں قاسم خان اور سلیمان خان کے ساتھ مل کر یہودی لابی کی موجودگی میں جو میڈیا ٹاک کی وہ بہت ہی افسوس ناک ہے۔

یہ میڈیا ٹاک عارف آجاکیا کے ساتھ مل کر کی گئی جو نہایت متنازع اور پاکستان پر مسلسل تنقید کرنے والا شخص ہے۔ پاکستانی حکام نے اس ٹاک پر اپنا سخت ردعمل ظاہر کیا ہے۔ زلفی بخاری، قاسم اور سلیمان خان کی یہودی لابی کے ساتھ مل کر اس نوعیت کی میڈیا ٹاک اس بات کی غمازی کرتی ہے کہ انھیں قومی مفاد سے کوئی سروکار نہیں۔ وہ اپنی سیاست اور بانی پی ٹی آئی کے لیے تمام اخلاقی قدریں پامال کر سکتے ہیں۔ یہ بھی کہ انھیں ملکی وقار سے کوئی واسطہ ہوتا تو یہ ٹاک نہ کرتے۔ حقیقت اور سچ یہی ہے کہ پی ٹی آئی نے بارہا اپنی گفتگو اور طرز عمل سے ایسا تاثر دیا ہے کہ اسے پاکستان سے کوئی لینا دینا نہیں۔ وہ ایسے لوگوں کے ساتھ کھڑی ہے جو ہر وقت ریاستی اداروں پر بہتان تراشی کرتے ہیں، انھیں نقصان پہنچانے کی ہر طرح سے سعی کرتے ہیں۔

پی ٹی آئی جماعت سے زیادہ ایسا گروہ محسوس ہوتی ہے جو اقتدار سے محرومی کا بدلہ ریاست سے اس طرح لے رہی ہے کہ اسے متنازع بنا کر دنیا کے سامنے پیش کیا جائے۔ جیسے بھی ہو ریاستی اداروں کو دنیا میں بدنام کیا جائے۔ زلفی بخاری اینڈ کمپنی کی یہ میڈیا ٹاک غمازی کر رہی ہے کہ یہ لوگ پاکستان پر بیرونی دباؤ بڑھانا چاہتے ہیں تا کہ اسے ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جا سکے۔ زلفی بخاری، قاسم اور سلیمان خان، عارف آجاکیا کے ساتھ جب فریم میں آتے ہیں تو شکوک وشبہات کافی بڑھ جاتے ہیں۔ عارف آجاکیا کو کون نہیں جانتا کہ اس کا کس لابی سے تعلق ہے۔ پاکستان کے حوالے سے اس کا نظریہ اور فرمودات کیا ہیں؟ عارف آجاکیا کی تمام مذموم سرگرمیوں کی تفصیلات ہماری ایجنسیوں کے پاس موجود ہیں جس سے اس پر عائد الزامات کی نفی نہیں ہوتی۔

پی ٹی آئی اور بانی پی ٹی آئی نے جس طرح کی سیاست کی ہے اور جس طرح کی بے ہودہ زبان کا استعمال کیا جاتا ہے اس پر کافی کچھ لکھا اور کہا جا سکتا ہے۔ یہ بات اب زباں زد عام ہے کہ سیاسی کلچر کو تبدیل کرنے میں پی ٹی آئی کا بڑا دخل ہے۔ اس سیاسی کلچر میں دروغ گوئی، بہتان تراشی اور بے ہودہ زبان کا استعمال عام سی بات ہے۔ یہ بات تو اب نوجوان بھی کہتے ہوئے نظر آتے ہیں کہ پی ٹی آئی نے سیاست کا جنازہ نکال دیا اور معاشرے کا ستیاناس کر دیا۔ عملی طور پر سیاست کی تین بڑی اقسام ہیں: نظریاتی، مصالحتی اور مفاداتی۔ مفاداتی سیاست کا مقصد صرف اقتدار کا حصول ہوتا ہے جس میں اصول ونظریات کوئی وقعت نہیں رکھتے۔ ایسی سیاست ذاتی مفادات پر مبنی ہوتی ہے۔ پاکستان سمیت دنیا بھر میں ریاستی امور چلانے کے لیے سیاسی جماعتوں کی ضرورت ہوتی ہے لیکن سیاست اگر اقتدار کے لیے ہو، اصول ونظریے کی سیاست چھوڑ دی جائے، مقصد صرف اقتدار تک پہنچنا ہو تو ایسی سیاست سے ملک اور معاشرے کو بہت زیادہ نقصان پہنچتا ہے۔ سیاست میں اگر نظریے یا اصول کو قربان کرنا پڑے تو ایسی سیاست کسی طرح بھی سودمند نہیں ہوتی۔ نظریاتی سیاست کی پہچان یہ ہے کہ ہر حال میں اس کی حفاظت کی جائے، چاہے اس کے لیے اقتدار ہی کیوں نہ قربان کرنا پڑے۔

سفارتی محاذ پر پاکستان ہی پاکستان

اسد غالب

چند برس قبل پاکستان کو سفارتی سطح پر ایک حد تک تنہائی کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ تحریک انصاف اور اس کے بانی عمران خان کی خارجہ پالیسی کے بعض فیصلوں نے پاکستان کے روایتی اتحادیوں کے ساتھ تعلقات میں سرد مہری پیدا کی جس کے نتیجے میں عالمی سطح پر پاکستان کا کردار محدود سمجھا جانے لگا تھا۔ عمران خان کے دور میں عالمی تنہائی کے باعث پاکستان کی سفارتی سطح پر اہمیت محدود تھی اور بعض معاملات میں ملک کے موقف کو سنجیدگی سے نہیں لیا جاتا تھا۔ تاہم موجودہ حالات میں یہ صورتحال واضح طور پر تبدیل ہورہی ہے۔ پاکستان دوبارہ عالمی سفارت کاری میں اپنا موثر مقام حاصل کر رہا ہے اور دنیا اسے ایک سنجیدہ اور قابل اعتماد شراکت دار کے طور پر دیکھ رہی ہے جو خطے کے پیچیدہ تنازعات کے حل میں مثبت کردار ادا کر سکتا ہے۔

جنگ کو روکنے کے لیے پاکستان کی طرف سے کی جانے والی سفارتی کوششیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ ملک نہ صرف خطے میں بلکہ عالمی سطح پر بھی ایک ذمہ دار اور فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ مختلف رپورٹس اور بین الاقوامی سے واضح ہوتا ہے کہ اسلام آباد اس وقت سفارتی سرگرمیوں کا ایک اہم مرکز بن چکا ہے جہاں مختلف قوتیں اپنے اختلافات کے حل کے لیے رابطے کررہی ہیں۔ اطلاعات یہ بھی ہیں کہ ایران نے مذاکرات کے لیے کسی سطح پر آمادگی ظاہر کی ہے جو عملی شکل اختیار کرنے پر خطے میں کشیدگی میں کمی کا باعث بن سکتی ہے۔ آج دنیا کی نظریں اسلام آباد پر مرکوز ہیں اور امریکا سمیت خلیجی ممالک بھی پاکستان کی سفارتی سرگرمیوں کو بغور دیکھ رہے ہیں کیونکہ یہ تنازع اب صرف علاقائی مسئلہ نہیں رہا بلکہ اس کے اثرات دنیا کے ہر خطے تک محسوس کیے جارہے ہیں۔ مختلف ممالک میں عوامی مظاہرے اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ دنیا کے عام لوگ مزید خونریزی کے حق میں نہیں بلکہ مسائل کا پرامن حل چاہتے ہیں۔ یہ رجحان عالمی قیادت کے لیے واضح پیغام ہے کہ تصادم کے بجائے مکالمے کو ترجیح دی جائے۔ عالمی معیشت دباؤ کا شکار ہے، توانائی کی منڈیاں غیر مستحکم ہیں، اور بین الاقوامی تجارت و سرمایہ کاری پر بھی گہرے اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ ایسے میں دنیا ایک ایسے کردار کی تلاش میں ہے جو اس بحران کو کم کرنے میں موثر ثابت ہو سکے، اور اس پس منظر میں پاکستان تیزی سے ایک اہم اور مرکزی حیثیت اختیار کر رہا ہے۔ حکومت ایک فعال اور متوازن سفارتی حکمت عملی اختیار کرتی دکھائی دیتی ہے۔

اسلام آباد میں ہونے والی اعلیٰ سطحی ملاقاتیں اس بات کا عملی ثبوت ہیں کہ پاکستان عالمی سفارت کاری میں ایک فعال کردار ادا کر رہا ہے۔ ایوان وزیراعظم میں وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب کے وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان، ترکیہ کے وزیر خارجہ خاقان فیدان اور مصر کے وزیر خارجہ ڈاکٹر بدر عبدالعاطی سے ملاقاتیں کیں۔ ان ملاقاتوں میں خطے کی مجموعی صورتحال، کشیدگی میں کمی، اور مشترکہ سفارتی کوششوں کی ضرورت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سعودی وزیر خارجہ کے ساتھ ملاقات میں وزیراعظم نے پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا اور سعودی عرب کے تحمل اور حکمت عملی کو سراہا۔ ترکیہ اور مصر کے وزرائے خارجہ کے ساتھ ملاقاتوں میں اس امر پر زور دیا گیا کہ عالمی برادری کو متحد ہو کر خطے میں کشیدگی کو کم کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایران، سعودی عرب، ترکیہ، مصر اور چین کے وزرائے خارجہ سے مسلسل رابطے کیے ہیں۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کے ساتھ رابطے میں فریقین نے اس بات پر زور دیا کہ موجودہ کشیدگی کا پائیدار حل صرف مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے ممکن ہے۔ چین کے وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک رابطے میں عالمی ہم آہنگی پیدا کرنے پر توجہ دی گئی جبکہ سعودی عرب، ترکیہ اور مصر کے وزرائے خارجہ کے ساتھ ہونے والی ملاقاتیں پاکستان کی بڑھتی ہوئی عالمی اہمیت کی عکاس ہیں۔ وزیراعظم نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان اپنی مستقل خارجہ پالیسی کی بنیاد پر خطے میں امن قائم کرنے کے لیے سنجیدہ کوششیں کر رہا ہے۔ انھوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ خطے میں عدم استحکام پاکستان کی معیشت اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے خطرہ ہے، اور پاکستان کسی بھی کشیدگی کے فوری اور موثر حل کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کر رہا ہے۔

یہ حقیقت بھی قابل غور ہے کہ امریکا، سعودی عرب، قطر، متحدہ عرب امارات اور دیگر خلیجی ممالک نہ صرف پاکستان کی سفارتی کوششوں کو بغور دیکھ رہے ہیں بلکہ ان کی نظریں اسلام آباد کی قیادت پر جمی ہوئی ہیں تا کہ کشیدگی کو کم کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے جاسکیں۔ عالمی میڈیا اور تجزیہ کار بھی اس بات کو تسلیم کررہے ہیں کہ پاکستان اس وقت بین الاقوامی سفارت کاری کا ایک فعال مرکز ہے جہاں مختلف ممالک کے مفادات کے توازن کو دیکھتے ہوئے مسئلے کا حل نکالنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

پاکستان کے لیے یہ صورتحال نہ صرف ایک موقع ہے بلکہ ایک سنجیدہ ذمہ داری بھی ہے۔ ملک کی توانائی کی ضروریات کا بڑا حصہ مشرق وسطیٰ سے وابستہ ہے، اور لاکھوں پاکستانی اس خطے میں روزگار حاصل کر کے وطن کے لیے قیمتی زرمبادلہ بھیجتے ہیں۔ کسی بھی طویل جنگ کے اثرات براہ راست پاکستان کی معیشت پر مرتب ہوں گے۔ اسی لیے اسلام آباد کی قیادت بھرپور کوشش کر رہی ہے کہ اس بحران کو جلد از جلد کم کیا جائے اور خطے میں استحکام بحال ہو۔ مزید برآں، پاکستان کی حکومت نے اپنے مضبوط سفارتی روابط کو بروئے کار لاتے ہوئے خطے کے دیگر ممالک کے ساتھ بھی رابطے بڑھائے ہیں۔ قطر، اردن اور عمان کے سفارتی نمائندوں سے رابطوں میں پاکستان نے امن قائم کرنے کے لیے ممکنہ اقدامات پر غور کیا گیا ہے۔ اسلام آباد عالمی سطح پر کشیدگی کم کرنے کے لیے ایک متحرک کردار ادا کر رہا ہے۔ آج دنیا کی نظریں پاکستان پر جمی ہوئی ہیں اور پاکستان ایک ایسے اہم کردار کے طور پر ابھر رہا ہے، جس کی اہمیت وقت کے ساتھ مزید بڑھتی جارہی ہے اور سفارتی محاذ پر ہر طرف پاکستان ہی پاکستان کی آوازیں آرہی ہیں۔

شہر قائد

عثمان غنی ہنگورو کو عمرہ ادائیگی پر معروف سماجی کارکن افضل احمد، جبار قادری اور دیگر مبارکباد دے رہے ہیں

معاون خصوصی وزیراعلیٰ عثمان غنی ہنگورو کی عمرہ کی ادائیگی پر مبارکباد

افضال احمد، جبار قادری، فیصل میمن اور تاجر رہنما آصف نے عثمان ہنگورو کو پھولوں کے ہار پہنائے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) معاون خصوصی وزیراعلیٰ سندھ برائے رسد و قیمت وصدر پاکستان پیپلز پارٹی پی ایس 106، عثمان غنی ہنگورو کی عمرہ کی ادائیگی کے بعد مختلف سیاسی وسماجی شخصیات نے ان سے ملاقات کی اور عمرہ کی ادائیگی پر مبارکباد پیش کی۔ معروف سماجی کارکن و پیرامیڈیکل اسٹاف کے رہنماؤں افضال احمد، جبار قادری اور فیصل میمن کے ہمراہ رنچھوڑ لائن کے تاجر رہنما آصف نے معاون خصوصی وزیراعلیٰ سندھ برائے رسد و قیمت عثمان غنی ہنگورو سے ملاقات کی۔ وفد نے عثمان غنی ہنگورو کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کی اور انہیں پھولوں کے ہار پہنائے۔ اس موقع پر معزز مہمانوں نے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان کی عبادات کو قبول فرمائے اور انہیں عوامی خدمت کے مزید مواقع عطا کرے۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں ہوئی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، عوامی مسائل اور فلاحی سرگرمیوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی کے کوآرڈینیٹر رزاق جٹ بھی موجود تھے، جنہوں نے مہمانوں کا خیرمقدم کیا اور ان کے جذبات کو سراہا۔ آخر میں عثمان غنی ہنگورو نے اپنے بیان میں کہا کہ عمرہ کی سعادت اللہ تعالیٰ کا خاص فضل وکرم ہے، وہ دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اپنے گھر کی حاضری نصیب فرمائے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت ان کی اولین ترجیح ہے اور وہ اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں نبھاتے رہیں گے۔

واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کی نااہلی، ٹاؤن کی جانب سے 25 سال بعد تعمیر ہونے والی سڑک تباہ

کراچی (پ۔ر) نیو کراچی ٹاؤن کی جانب سے حال ہی میں گلیوں کی تعمیر ومرمت کا کام مکمل کیا گیا تھا۔ اس منصوبے کے تحت طویل عرصے بعد علاقے کی خستہ حال گلیوں کو پیور بلاک سے پختہ کیا گیا تھا، جس پر عوام نے خوشی کا اظہار کیا تھا۔ تاہم واٹر اینڈ سیوریج بورڈ کی ٹیم نے اچانک سڑک کو کھود کر بری طرح تباہ کر دیا، جس سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے صہبا اختر روڈ کے ترقیاتی منصوبے کا سنگ بنیاد رکھ دیا

نہ صرف سڑک کی تعمیر کی جائے گی بلکہ سیوریج سسٹم کو بھی بہتر بنایا جائے گا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے گلشن اقبال ٹاؤن میں 20 کروڑ روپے کی لاگت سے صہبا اختر روڈ کے ترقیاتی منصوبے کا باقاعدہ سنگ بنیاد رکھ دیا، اس موقع پر ڈپٹی میئر کراچی سلمان عبداللہ مراد، پیپلز پارٹی کراچی ڈویژن کے جنرل سیکرٹری روف ناگوری، سٹی کونسل کے ممبران، اقبال ساند، جاوید، مسرت نیازی اور کے ایم سی افسران بھی موجود تھے، میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صہبا اختر روڈ کی تعمیر و بحالی ایک اہم منصوبہ ہے جس کے تحت نہ صرف سڑک کی تعمیر کی جائے گی بلکہ سیوریج سسٹم کو بھی بہتر بنایا جائے گا، سڑک کی لمبائی تقریباً 1.8 کلومیٹر اور چوڑائی 44 سے 46 فٹ تک ہوگی، انہوں نے کہا کہ یہ سڑک بائیس سال قبل تعمیر کی گئی تھی اور ہزاروں شہری روزانہ اس سڑک سے استفادہ کرتے ہیں، یونیورسٹی روڈ پر جاری تعمیراتی کام کے باعث اس سڑک پر ٹریفک کا دباؤ بڑھ گیا تھا جس سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا تھا، لوگ تکلیف میں تھے، اسی لیے ہم نے اس منصوبے کو ترجیحی بنیادوں پر شروع کیا، انہوں نے کہا کہ گلشن اقبال 13-D، گلشن چورنگی، حسن اسکوائر، سرشاہ سلیمان روڈ، ویم باغ اور گلشن چورنگی کے اطراف رہنے والے شہریوں کا دیرینہ مسئلہ حل کیا جا رہا ہے اگرچہ یہ علاقہ صوبائی وقومی اسمبلی اور ٹاؤن چیئرمین دیگر سیاسی جماعتوں کے پاس آتا ہے تاہم بلدیہ عظمیٰ کراچی بلاتفریق عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے، انہوں نے کہا کہ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کے منشور کے مطابق کراچی کے مختلف اضلاع میں ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے جن میں سڑکوں کی تعمیر و بحالی اور انفراسٹرکچر کی بہتری شامل ہے، انہوں نے کہا کہ شہری سہولتوں کی بہتری اولین ترجیح ہے اور کے ایم سی شہر کو جدید اور بہتر بنانے کے لیے متحرک کردار ادا کر رہی ہے۔

بڑھتی ہوئی مہنگائی نے عوام کا جینا دوبھر کردیا، بلال سلیم قادری

جان بچانے والی ادویات کی قیمتوں میں 200 فیصد تک اضافہ قابل مذمت ہے، بلال سلیم قادری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) مرکزی سیکرٹری جنرل پاکستان سنی تحریک صاحبزادہ علامہ بلال سلیم قادری شامی نے ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگائی کے طوفان نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بالخصوص کراچی کے شہری پہلے ہی مسائل کے بھنور میں پھنسے ہوئے تھے، مگر حالیہ مہنگائی نے ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ بلال سلیم قادری کا مزید کہنا تھا کہ کراچی میں دودھ کی قیمتوں میں بیس روپے فی لیٹر اضافہ کسی صورت قابل قبول نہیں اور یہ اقدام عوام کے ساتھ کھلی زیادتی ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے بعد ہر چیز کی قیمت آسمان سے باتیں کر رہی ہے، جس سے متوسط اور غریب طبقہ شدید متاثر ہو رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اشیائے ضروریہ عوام کی پہنچ سے دور ہوتی جارہی ہیں اور عام آدمی کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ جان بچانے والی ادویات کی قیمتوں میں 200 فیصد تک اضافے کو انسانیت کے خلاف اقدام قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت اس صورتحال کا فوری

عدالتی فیصلہ مثالی سنگ میل اور حق سچ اور انصاف کی فتح ہے، سید راشد علی شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) لانڈھی بابر مارکیٹ کے تاجروں کی انجمن کی نومنتخب باڈی کو عدالت عالیہ کی جانب سے بحال کر دیا گیا ہے جسے انجمن تاجران نے خوش آئند اور انصاف کی فتح قرار دیا۔ انجمن نے عدالت کے فیصلے کا شکریہ ادا کیا اور اسے تاجروں کے قانونی اور معاشی حقوق کے تحفظ کا مظہر قرار دیا۔ جنرل سیکریٹری سید راشد علی شاہ نے میڈیا سے گفتگو میں کہا۔

جنگ کے خاتمے کے لیے پاکستان کی سفارتکاری قابل تحسین ہے، پیر ارشد قادری

کراچی (پ۔ر) تحریک اہلسنت پاکستان صوبہ سندھ کے صدر پیر سید ارشد علی شاہ کاظمی القادری نے کہا ہے کہ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں جاری جنگ کے خاتمے کے لیے پاکستان کی عالمی سفارت کاری اور موثر حکمت عملی قابل تحسین ہے جو یہ ثابت کرتی ہے کہ پاکستان نہ صرف اپنے دفاع میں مضبوط ہے۔

میئر کراچی مرتضیٰ وہاب گلشن اقبال ٹاؤن میں صہبا اختر روڈ کے ترقیاتی منصوبے کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد تقریب سے خطاب کررہے ہیں

سندھ بھر سے

تعلقہ اسپتال اسکرنڈ میں صحت کی سہولیات کی بہتری کے حوالے سے اجلاس

ضلعی انتظامیہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے، ڈپٹی کمشنر عبدالصمد

نوابشاہ (و۔آ) ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد عبدالصمد نظامانی کی زیرصدارت تعلقہ اسپتال سکرنڈ میں عوام کو صحت کی بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس انکے دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران تعلقہ اسپتال سکرنڈ میں دستیاب طبی سہولیات، ادویات کی فراہمی، ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری، صفائی ستھرائی کی صورتحال اور مریضوں کو دی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عبدالصمد نظامانی نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سکرنڈ سے نیشنل ہائی وے گذر رہا ہے اور حادثات پیش آرہے ہیں جس کو مدنظر رکھتے ہوئے تعلقہ اسپتال سکرنڈ میں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل عملے اور ادویات کی موجودگی کو ہر صورت میں یقینی بنایا جائے تا کہ کسی بھی ایمرجنسی سے فوری نمٹا جاسکے ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ تعلقہ اسپتال سکرنڈ میں ادویات کی فراہمی، آرتھوپیڈک سرجن اور ایم ایس کی مقرری کے لیے محکمہ صحت کو خط لکھا جائے گا ڈپٹی کمشنر نے غریب مریضوں کو انسولین کی فراہمی کے لیے کمیٹی تشکیل دینے کی بھی ہدایت کی انہوں نے محکمہ صحت کے افسران کو ہدایت کی کہ اسپتال میں علاج معالجے کے لیے آنے والے مریضوں کو صحت کہ بہتر طبی سہولیات فراہم کی جائیں اسپتال میں صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے۔ اجلاس میں رکن سندھ اسمبلی غلام قادر چانڈیو نے کہا کہ سکرنڈ کے حدود سے قومی شاہراہ پر روزانہ حادثات رونما ہورہے ہیں اور قیمتی انسانی جانیں ضائع ہورہی ہیں اس لیے عوام کو صحت کی بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے تعلقہ اسپتال میں صحت کی سروسز کی کوالٹی کو مزید بہتر بنایا جائے اجلاس میں متعلقہ افسران نے اسپتال کی بہتری کے لیے مختلف تجاویز بھی پیش کیں اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر سکرنڈ رمیز راجہ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر مدثر حسین، ڈسٹرکٹ مینیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر حسین سموں، تعلقہ اسپتال سکرنڈ کے انچارج ایم ایس محمد یوسف مگسی اور چیئرمین ٹاؤن کمیٹی سکرنڈ سید محمد عزیز شاہ نے شرکت کی۔

آرٹس کونسل، لائبریری اور میوزیم کو مرحلہ وار بحال کیا جائے گا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر ثقافت سید ذوالفقار علی شاہ نے کہا ہے کہ میرپورخاص میں بند پڑی آرٹس کونسل، لائبریری اور میوزیم کو مرحلہ وار بحال کیا جائے گا تا کہ شہر میں ثقافتی، ادبی اور تخلیقی سرگرمیوں کو فروغ دیا جا سکے انہوں نے یہ بات میئر میونسپل کارپوریشن عبدالرؤف غوری اور ڈپٹی کمشنر نواب سمیر لغاری کے ہمراہ آرٹس کونسل کے دورے کے موقع پر کہی اس موقع پر متعلقہ افسران نے وزیر ثقافت کو آرٹس کونسل کی موجودہ صورتحال اور درپیش مسائل پر بریفنگ بھی دی۔

نواب شاہ: ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد عبدالصمد نظامانی تعلقہ اسپتال سکرنڈ میں صحت کی سہولیات کی فراہمی کے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ضلع میں انتہا پسندی کے خاتمے کے حوالے سے قائم ضلعی کمیٹی کا اجلاس

نوشہرو فیروز (پاکستان بلیٹن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ون محمد عثمان عارف کی صدارت میں ضلع میں انتہا پسندی کے خاتمے کے حوالے سے قائم ضلعی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں امن وامان برقرار رکھنے کے لیے ضلع میں کام کرنے والے حساس اداروں کے اہلکار، ریونیو، سوشل ویلفیئر، تعلیم، پولیس، اطلاعات اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران اور ضلع کے مختلف پریس کلبوں کے عہدیدار اور صحافی بھی موجود تھے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ کمیٹی کے تمام ارکان کو ضلع میں امن و امان برقرار رکھنے، غیر قانونی سرگرمیوں کو روکنے اور ضلع سے انتہا پسندی کو ختم کرنے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے مثبت پہلو کو اجاگر کرنے کے لیے تمام متعلقہ محکمے اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے محکمہ تعلیم اور سوشل ویلفیئر کے افسران کو ہدایت کی کہ وہ انتہا پسندی کے خاتمے کے لیے مختلف تعلیمی اداروں میں سیمینارز منعقد کریں۔ انہوں نے کہا کہ انتہا پسندی کے خاتمے کے لیے ضلع کی مختلف مساجد میں مقرر خطیب حضرات سے رابطہ کر کے انہیں اپنے خطبوں میں حقوق العباد اور جذبہ حب الوطنی کے موضوع پر خطبات دینے کی سفارش کی جائے۔

ضلع بدین میں مویشیوں کو بیماریوں سے بچاکے لیے ویکسینیشن مہم کا آغاز

بدین (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک و فشریز محمد علی ملکانی کی خصوصی ہدایات پر یکم اپریل سے صوبہ سندھ بھر کی طرح ضلع بدین میں بھی مویشیوں کو بارش کے موسم میں پھیلنے والی موذی بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے لیے حفاظتی ٹیکہ جات کی مہم کا باقاعدہ آغاز کردیا گیا ہے اس سلسلے میں ڈپٹی ڈائریکٹر لائیو اسٹاک بدین ڈاکٹر دودو چانڈیو نے اپنی ٹیم، جس میں ڈاکٹر یاسر نواز سومرو، ڈاکٹر عبدالغفور میمن اور ڈاکٹر عبدالحفیظ سومرو شامل تھے، کے ہمراہ ساحلی پٹی کے گاں بھگوا میمن میں مہم کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر یونین کونسل بھگوا میمن کے چیئرمین محمد عمر میمن، فاروق میمن، ابراہیم میمن اور دیگر مویشی پال افراد بڑی تعداد میں موجود تھے، جنہوں نے حکومت سندھ کے اس اقدام کو سراہا۔

بجلی کی لوڈشیڈنگ سے عام شہریوں کی زندگی اجیرن

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) پوش علاقوں میں دوہری سپلائی اور عام شہریوں پر ظلم کی بدترین مثال میرپورخاص میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نے عام شہریوں کی زندگی اجیرن کررکھی ہے، مگر پوش علاقوں میں چند منتخب افراد کو مکمل ریلیف فراہم کرنے کا تہلکہ خیز انکشاف سامنے آیا ہے۔ ذرائع کے مطابق، یہ سہولت میٹروں پر نہیں بلکہ ان کے گھروں کی دیواروں پر نصب کی گئی ہے، تا کہ عام بجلی میٹر اور آڈٹ سے بچا جا سکے عوامی حلقوں نے اس اقدام کو کھلی کرپشن، سفارش بازی اور ناانصافی کی انتہا قرار دیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے ہماری زندگی اندھیرے میں گزار رہے ہیں، بجلی بند ہے۔



میرپورخاص: صوبائی وزیر ذوالفقار علی شاہ صحافیوں سے گفتگو کررہے ہیں، میئر عبدالرؤف غوری اور ڈپٹی کمشنر نواب سمیر لغاری بھی موجود ہیں

نکاسی آب کا سنگین مسئلہ، گندے پانی نے گراؤنڈ کو تالاب بنادیا، شہری پریشان

میرپورخاص (بیورو چیف) نکاسی آب کا سنگین مسئلہ، گندے پانی نے گراؤنڈ کو تالاب بنادیا، شہری پریشان۔ شہر کے ایک مجاہد آباد علاقے جوہر کالونی میں نکاسی آب کا شدید مسئلہ سامنے آیا ہے جہاں انتظامیہ کی مبینہ غفلت کے باعث پورے علاقے کا گندا پانی ایک کھلے گراؤنڈ میں جمع کر دیا گیا ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ یہ پانی میگا پروجیکٹ کے تحت بنائے گئے نالے میں ڈالنے کے بجائے سڑک کراس کر کے غیر مناسب طریقے سے جانوروں کے اسپتال کے قریب واقع گراؤنڈ میں چھوڑا جارہا ہے۔

مستحق خاندانوں کے لئے سولر سسٹم، بیٹریاں اور بلب تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد

نوابشاہ (و۔آ) خاتون اول و رکن قومی اسمبلی آصفہ بھٹو زرداری کی جانب سے تحصیل دوڑ کے گاؤں نظر محمد لغاری میں ایس ایچ ایف ایف کے مستحق خاندانوں میں گھروں کی تعمیر کے بعد ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد عبدالصمد نظامانی، پ پ پ ضلع صدر محمد سالم زرداری اور انچارج زرداری ہاؤس نواب شاہ میر محمد سیال نے 32 مستحق خاندانوں میں سولر سسٹم، بیٹریاں، موبائل چارجر اور بلب تقسیم کیے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر شہید بینظیر آباد عبدالصمد نظامانی نے کہا کہ سندھ حکومت کی جانب سے بارشوں کے دوران متاثر ہونے والے افراد کو گھر بنا کر دیے گئے ہیں جس کے بعد خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری کی جانب سے مستحق خاندانوں میں سولر سسٹم، بیٹریاں، پنکھے، موبائل چارجر اور بلب تقسیم کیے گئے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ اس اقدام کا مقصد خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری کی جانب سے دور دراز علاقوں میں رہنے والے لوگوں کو متبادل توانائی کی سہولت فراہم کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 01

متاثر ہو رہے ہیں۔ دنیا کے کئی ممالک میں ایندھن کی قلت اور ہنگامی صورتحال ہے پاکستان میں سپلائی برقرار رکھنا ایک بڑا چیلنج تھا جسے حکومت نے کامیابی سے سنبھالا اور قلت سے بچایا۔ لیکن اب ایک متوازن راستہ اپنانا ضروری تھا تاکہ ملک کو بڑے معاشی بحران سے بچایا جا سکے۔ قیمت میں اضافہ شدید معاشی دباؤ کی وجہ سے کیا گیا۔ ہمیں عوام کی مشکلات کا شدید احساس ہے۔ وفاق اور صوبوں نے تمام ترقیاتی اخراجات اور فوری ضرورت کے علاوہ اخراجات کو موخر کر کے مالی وسائل تیل کی قیمتوں کی سپورٹ میں ڈالے ہیں۔ جیسے ہی حالات بہتر ہوں گے، عوام کو فوری ریلیف دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 02

پٹرول کو 458.41 روپے اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کو 520.35 روپے فی لیٹر تک پہنچا دیا جانا ناقابل قبول اور ملکی تاریخ کا بلند ترین قرار دیا۔ راجپوت نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ پاکستان میں اب ایندھن کی قیمتیں پڑوسی ممالک جیسے بھارت، سری لنکا، بنگلہ دیش، نیپال اور افغانستان سے کافی زیادہ ہیں، جس سے صارفین اور تجارتی اداروں پر مالی دباؤ بڑھ رہا ہے۔ کاٹی کے صدر نے خبردار کیا کہ قیمتوں میں یہ زبردست تبدیلی لامحالہ مہنگائی کی ایک نئی لہر کو جنم دے گی، جس سے متوسط طبقے کی قوت خرید کم ہو جائے گی اور مزید شہری غربت کی لکیر سے نیچے جانے پر مجبور ہوں گے۔ انہوں نے متنبہ کیا کہ توانائی کے بڑھتے ہوئے اخراجات وسیع پیمانے پر صنعتی بندش، معاشی سرگرمیوں میں سکڑاؤ، اور سرمائے کی بیرون ملک منتقلی کا باعث بن سکتے ہیں، کیونکہ سرمایہ کار بیرون ملک زیادہ سازگار کاروباری ماحول تلاش کر سکتے ہیں۔ راجپوت نے وضاحت کی کہ ایندھن کی قیمتوں میں اضافے سے نقل و حمل، لاجسٹکس، اور پیداواری اخراجات میں براہ راست اضافہ ہوگا، جو صنعتی کارروائیوں کو روک سکتا ہے اور بے روزگاری میں نمایاں اضافے کا باعث بن سکتا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اس کے اثرات معاشرے کے تمام طبقات پر محسوس کیے جائیں گے۔ راجپوت نے حکومت پر زور دیا کہ وہ مالی بوجھ عوام پر منتقل کرنے کے بجائے اپنے اخراجات میں کمی کرے، کفایت شعاری کے اقدامات نافذ کرے، غیر ضروری مراعات ختم کرے، اور معیشت کو مستحکم کرنے کے لیے سخت مالیاتی نظم و ضبط نافذ کرے۔ قیمتوں میں اضافے کو فوری طور پر واپس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے، کاٹی کے صدر نے خبردار کیا کہ اگر اس فیصلے پر نظرثانی نہ کی گئی تو کاروباری برادری ایک "مضبوط احتجاجی حکمت عملی "اپنانے پر مجبور ہو سکتی ہے۔ انہوں نے عوام اور صنعت دونوں کے لیے فوری ریلیف کی اپیل کی تاکہ ایسی پالیسیوں سے بچا جا سکے جو معیشت کو تباہی کی طرف لے جا سکتی ہیں

بقیہ نمبر 03

مرحوم کی جماعت اور جمہوری جدوجہد کیلئے خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ رئیس غلام قادر مری نے عوامی خدمت اور پارٹی کے استحکام کے لیے قابل قدر کردار ادا کیا۔ انہوں نے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس دکھ کی گھڑی میں لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ نمبر 04

ساتھ تاریخی اور گہرے تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے۔ عاصم افتخار نے زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اقوام متحدہ اور لیگ آف عرب اسٹیٹس آپس میں تعاون مضبوط کریں کیونکہ عالمی سیاسی غیر یقینی صورت حال میں علاقائی تنظیموں کے ساتھ شراکت داری لازمی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی امن و سلامتی کی بنیادی ذمے داری سلامتی کونسل کی ہے جبکہ علاقائی تنظیمیں تنازعات کی روک تھام، ثالثی اور استحکام میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ پاکستانی مندوب نے کہا کہ پاکستان تنازعات کے پرامن حل اور مکالمے کو فروغ دینے کے لیے عرب لیگ کی کوششوں کی حمایت کرتا ہے۔ اپنے خطاب میں انہوں نے مزید کہا ہے کہ فلسطینی عوام غیر قانونی قبضے، بے دخلی اور بنیادی حقوق کی نفی کا سامنا کر رہے ہیں اور اسرائیل کو فلسطین، شام اور لبنان سمیت تمام عرب علاقوں سے اپنا غیر قانونی قبضہ ختم کرنا ہوگا۔ عاصم افتخار نے یہ بھی کہا ہے کہ آبنائے ہرمز میں محدود جہاز رانی سے متعلق چیلنجز بھی درپیش ہیں، اس کے لیے فوری ترجیح مکمل جنگ بندی اور مکالمے کی بحالی ہونی چاہیے۔

بقیہ نمبر 05

اکہ وہ اللہ تعالی کی بارگاہ میں سچی توبہ کریں، کیونکہ اسی میں نجات پوشیدہ ہے۔ مشکل حالات میں اجتماعی دعا اور رجوع الی اللہ ہی مسائل کے حل کا مو ذریعہ ہے۔ موجودہ حالات غیر معمولی نوعیت کے ہیں، لہٰذا امت کو چاہیے کہ وہ اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کرے اور روحانی طور پر مضبوطی اختیار کرے۔

بقیہ نمبر 06

میں پانی موجود ہے، مزید کسی حادثے سے بچنے کے لیے متاثرہ جگہ کے اطراف میں رکاوٹیں کھڑی کر دی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 07

اربوں کی ادائیگیاں جاری ہیں، عوام کو کوئی ریلیف نہیں، کیپیسٹی پیمنٹس کے نام پر عوام کی جیبوں پر ڈاکا ڈالا جا رہا ہے۔ امیر جماعت اسلامی کا مزید کہنا تھا کہ جماعت اسلامی پٹرولیم قیمتوں میں اضافے کو مسترد کرتی ہے، آج سے ملک بھر میں احتجاجی تحریک شروع کریں گے، نوجوان باہر نکلیں، حالات بدلنے کیلئے جدوجہد کریں، حکمرانوں کو پیچھے ہٹنے پر مجبور کریں گے۔

بقیہ نمبر 08

منصب سے بھی کیا۔ تاریخ ایسے واقعات سے بھری پڑی ہے جہاں مجرمان کے خلاف خاموشی اختیار کرنے والوں کو بھاری قیمت چکانا پڑی۔ عالمی برادری اس قسم کے بیانات اور اقدامات پر سنجیدگی سے غور کرے اور انصاف و قانون کی بالادستی کو یقینی بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ تاریخ ایسے لوگوں سے بھری پڑی ہے جنہوں نے ظالموں کے سامنے خاموشی اختیار کی اور اس کی بھاری قیمت چکائی۔

بقیہ نمبر 09

انڈیکس نے 152,103.63 کی بلند ترین سطح کو چھونے کے بعد 148,796.55 کی کم ترین سطح پر آ گیا، اور لمحہ بھر کے لیے 150,000 پوائنٹس کی اہم حد سے نیچے گر گیا۔ وسیع پیمانے پر منفی جذبات کی عکاسی کرتے ہوئے، KSE-30 انڈیکس میں بھی نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی اور یہ 45,453.36 پر بند ہوا۔ انڈیکس میں 522.50 پوائنٹس کی کمی ہوئی، جو 1.14 فیصد کی زیادہ گراوٹ کو ظاہر کرتی ہے۔ شدید مندی کے دباؤ کے باعث سرمایہ کاروں کی دولت میں خاطر خواہ کمی واقع ہوئی۔ مارکیٹ کی کل مالیت 16,883.79 ٹریلین روپے سے کم ہو کر 16,725.12 ٹریلین روپے ہو گئی، جو حصص یافتگان کے لیے ایک بڑا نقصان ہے۔ حصص کی قیمتوں میں تیزی سے کمی کے باوجود، مارکیٹ کی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ ہوا۔ ریڈی مارکیٹ میں تجارتی حجم بڑھ کر 471.94 ملین حصص تک پہنچ گیا، جو ایک روز قبل کے 352.27 ملین حصص کے مقابلے میں ایک واضح اضافہ ہے۔

بقیہ نمبر 10

کے رہنما ڈپٹی کمشنر دفتر پیش ہوئے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ تحریک انصاف ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت ہے، پرامن جلسہ آئینی و قانونی حق ہے لہٰذا جلسے کی اجازت دی جائے، 9 اپریل پرامن جلسہ کرنا چاہتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر آفس عملے نے درخواست وصول کر لی اور مناسب ٹائم پر فیصلہ ہوگا۔

بقیہ نمبر 11

تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس کے صدر ملک شہزاد اعوان نے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کو آگاہ کیا کہ ایندھن کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کے باعث ٹرانسپورٹ کا کاروبار چلانا مشکل ہو گیا ہے اور اس ضمن میں سندھ اور وفاقی حکومت سے ٹول ٹیکس سمیت دیگر صوبائی ٹیکسز میں ریلیف دینے کی درخواست کی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ ٹرانسپورٹرز کے مسائل کے حل کے لئے کوششیں کی جائیں گی۔ سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے ٹرانسپورٹرز کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ حکومت سندھ ٹرانسپورٹ سیکٹر کو درپیش مشکلات سے بخوبی آگاہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ایک قومی مسئلہ ہے جس کے اثرات ہر شعبے پر مرتب ہوتے ہیں، تاہم حکومت ٹرانسپورٹرز کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے قابل عمل تجاویز پر سنجیدگی سے غور کر رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹرانسپورٹ سیکٹر ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، اس لیے اس شعبے کے مسائل کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ٹول ٹیکس اور دیگر صوبائی ٹیکسز میں ممکنہ ریلیف کے حوالے سے متعلقہ حکام سے مشاورت کی جائے گی جبکہ مشترکہ حکمت عملی کے تحت ٹرانسپورٹرز کے مسائل کا حل تلاش کیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 12

بھی موجود ہے کہ کون کتنا مستحق ہے۔ انہوں نے دعوی کیا کہ دنیا میں تیل کی قیمتیں کئی ممالک نے 80 فیصد تک بڑھائیں، یو اے ای نے ڈیزل کی قیمتیں 70 فیصد تک بڑھائیں، ہم نے تین ہفتوں سے نہیں بڑھائیں۔ خرم شہزاد کا مزید کہنا تھا کہ جنگ ختم ہو اور تیل کی قیمتیں کم ہوئیں تو عوام کو ریلیف دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 13

ہم سب توانائی بچائیں گے تو ملک پر دباؤ کم ہوگا اور جلد بہتری آئے گی۔

بقیہ نمبر 14

10 گرام سونے کی قیمت 2,915 روپے بڑھ کر 4 لاکھ 20 ہزار 406 روپے تک پہنچ گئی۔ اسی طرح 24 قیراط فی تولہ چاندی کی قیمت میں بھی 160 روپے اضافہ ہوا جس کے بعد یہ 7 ہزار 794 روپے ہو گئی۔ عالمی مارکیٹ میں بھی سونے کی قیمت میں اضافہ دیکھنے میں آیا، جہاں فی اونس سونا 34 ڈالر مہنگا ہو کر 4,676 ڈالر کی سطح پر پہنچ گیا ہے۔

بقیہ نمبر 15

مصنوعات کی قیمت میں ہوشربا اضافے سے مہنگائی کی بدترین لہر آ گئی ہے، حکومتی مجبوریاں اپنی جگہ لیکن عام آدمی جیے گا کیسے؟ انہوں نے مزید لکھا کہ غریب آدمی آئی ایم ایف کی شرائط کو پورا کرتے کرتے غریب مرجائیگا اور متوسط طبقہ خط غربت سے نیچے چلا جائیگا۔ سابق وفاقی وزیر کا کہنا تھا ایران پر امریکی و صیہونی حملے فی الفور ختم نہ ہوئے تو تیسری دنیا کے کروڑوں لوگ بھوکے مریں گے۔

بقیہ نمبر 16

279 روپے 11 پیسے سے کم ہو کر 279 روپے 10 پیسے پر بند ہوا۔

بقیہ نمبر 17

حکومت نے نہیں بڑھائی بلکہ بین الاقوامی مارکیٹ میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھی ہیں، ہم نے اپنے ترقیاتی اخراجات پر کٹ لگایا ہے، ہماری قیادت خطے میں امن لانے کی کوشش کر رہی ہے، وزیراعظم، نائب وزیراعظم اور فیلڈ مارشل امن کے لیے کوشش کر رہے ہیں۔ دوسری جانب صوبائی وزیر ناصر حسین شاہ نے کہا کہ سکھر ایکسپریس کو اپگریڈ کر دیا گیا ہے، ریلوے میں جدید ترقی دیکھی جا رہی ہے۔ انہوں نے ملکی حالات پر بات کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت کچھ عرصے سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا بوجھ خود اٹھا رہی تھی، عوام پر بوجھ نہیں ڈالا، اگر سب بوجھ عوام پر ڈال دیا جائے تو پیٹرول 600 لیٹر ہو جائے۔ ناصر حسین شاہ نے کہا کہ حکومت نے 60 فیصد گاڑیاں بند کیں، پیٹرول کو آدھا کیا، تنخواہوں میں بھی کٹ لگایا، جنگ چلتی رہی تو اور برے حالات ہوں گے، اس جنگ کے اثرات ہمیں کافی عرصے تک بھگتنے پڑیں گے، حکومت کی کشیدگی کم کرنے کی کوششوں کی وجہ سے آج ایران میں بھی پاکستان زندہ باد کے نعرے لگ رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 18

کر رہے ہیں، تاہم اس ویڈیو پر صارفین ان پر شدید تنقید کر رہے ہیں۔ تاہم اب انہوں نے ایکس پر جاری پیغام میں کہا ہے کہ کچھ شر پسند عناصر میری پرانی ویڈیو شیئر کر کے غلط تاثر دینے کی کوشش کر رہے ہیں کہ میں پٹرول کی قیمتوں میں اضافے کا دفاع کر رہا ہوں۔ شاہد آفریدی نے کہا کہ مذکورہ ویڈیو حالیہ قیمتوں میں اضافے سے پہلے بنائی گئی تھی اور اس کا موجودہ حالات سے کوئی تعلق نہیں، پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ عوام کی کمر توڑ دے گا اور اس کا دفاع ان کے لیے ممکن نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ کم عقل اور کم علم دوستوں کے لیے وضاحت: اس پیغام کو مذموم سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اور توڑ مروڑ کر عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش شرم ناک ہے۔ شاہد آفریدی کی اس وضاحت کے بعد شہریوں میں پھیلائے جانے والے غلط تاثر کو دور کرنے کی کوشش کی گئی، جس میں یہ سوال بھی اٹھایا گیا کہ ایک شہری ایک لیٹر پٹرول پر کتنا ٹیکس ادا کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 19

ریما خان نے کہا کہ زندگی نے مجھے کئی اسباق دیے، مگر ایک سبق جسے میں نے دل سے سمجھا اور سنجیدگی سے لیا وہ یہ ہے کہ ہر جھگڑا لڑنے کے قابل نہیں ہوتا، ہر بحث آپ کی عزت میں اضافہ نہیں کرتی اور ہر شخص توجہ کے قابل نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ زندگی سے سیکھیں کہ کب خاموش رہنا ہے اور کب بولنا ہے، کچھ فیصلے وقت پر چھوڑ دیں، اپنی توانائی غلط لوگوں پر ضائع نہ کریں، کیونکہ بعض اوقات خاموشی سب سے طاقتور جواب ہوتی ہے۔

بقیہ نمبر 20

میں 2.4 فیصد اضافہ ہوا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ قیمتوں میں اضافہ بنیادی طور پر توانائی کی بڑھتی قیمتوں کے باعث ہوا، چینی اور سبزیوں اور آئل کی قیمتیں سب سے زیادہ متاثر ہوئیں۔ عالمی ادارہ خوراک نے خبردار کیا ہے کہ اسی طرح اناج، گوشت، ڈیری مصنوعات سمیت دیگر تمام اہم اشیا کی قیمتیں بھی بڑھیں، توانائی کی قیمتیں بڑھتی رہیں تو خوراک کی قیمتوں پر مزید دباؤ پڑ سکتا ہے۔ واضح رہے مہنگائی میں اضافہ بنیادی طور پر توانائی کی قیمتوں (خاص طور پر مشرق وسطی تنازع کی وجہ سے) اور بعض علاقائی سپلائی مسائل سے منسلک ہے، جو کھاد، ٹرانسپورٹ اور پیداواری لاگت کو متاثر کر رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 21

کہا گیا ہے کہ پاکستان میں پیٹرول 450 روپے فی لیٹر سے زائد دنیا کے کئی ممالک سے مہنگا ہے۔ امریکہ میں پیٹرول تقریبا 250 روپے فی لیٹر جبکہ پاکستان میں 450 روپے سے زائد ہے۔ بھارت میں پیٹرول 290 سے 310 روپے فی لیٹر جبکہ پاکستان میں اس سے کہیں زیادہ ہے۔ ترکی میں پیٹرول تقریبا 350 سے 360 روپے فی لیٹر جبکہ پاکستان میں قیمتیں زیادہ ہیں۔ بنگلہ دیش میں پیٹرول تقریبا 280 سے 285 روپے فی لیٹر جبکہ پاکستان میں کہیں مہنگا ہے۔

بقیہ نمبر 22

حالیہ عرصے میں بعض عناصر پاکستان کے داخلی سیاسی معاملات کو خلیجی ممالک تک لے جا رہے ہیں جو وہاں کے سخت قوانین کی خلاف ورزی ہے اور اس عمل کو متعلقہ ممالک کی انتظامیہ پسند نہیں کرتی۔ چیئرمین علما کونسل کا بیرون ملک مقیم پاکستانیوں پر زور دیتے ہوئے کہنا تھا کہ تارکین وطن اپنے میزبان ممالک کے قوانین کا مکمل احترام کریں اور کسی بھی ایسی سرگرمی سے اجتناب کریں جو وہاں کے امن و امان یا پاکستان کے ساتھ تعلقات کو متاثر کرے۔ حافظ طاہر محمود اشرفی کا بالخصوص سعودی عرب سمیت دیگر خلیجی ممالک کا حوالہ دیتے ہوئے کہنا تھا کہ وہاں سیاسی احتجاج، نعرہ بازی یا اس نوعیت کی سرگرمیوں کی اجازت نہیں ہے، اس لیے پاکستانیوں کو ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 23

کہنا تھا کہ یہ اقدام عوام کو فوری ریلیف دینے کے لیے کیا گیا ہے اور اس سے روزمرہ سفر کرنے والے افراد کو نمایاں فائدہ پہنچے گا۔

بقیہ نمبر 24

میں جیٹ فیول کی نئی قیمت 517 روپے 17 پیسے فی لیٹر ہو گئی، یکم مارچ سے اب تک جیٹ فیول کی قیمت میں 329 روپے 17 پیسے کا بڑا اضافہ ہو چکا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایئرلائنز کی طرف سے ڈومیسٹک، انٹرنیشنل کرایوں میں اضافے کا امکان ہے۔

بقیہ نمبر 25

وزرائے خارجہ نے خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، وزرائے خارجہ نے کشیدگی میں کمی اور مذاکرات کی فوری ضرورت پر زور دیا۔ خلیج اور مشرق وسطی میں امن کے لئے پاک۔ چین پانچ نکاتی اقدام پر بھی بات چیت ہوئی، رہنماں نے پاکستان اور سعودی عرب کے مضبوط، برادرانہ تعلقات کا اعادہ کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار اور شہزادہ فیصل بن فرحان نے قریبی رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ نمبر 26

نہیں کر سکی، انہوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ جب قیمتیں کم کی جاتی ہیں تو وزیراعظم خود اعلان کرتے ہیں، لیکن اضافے کے وقت انہیں بھی سامنے آنا چاہیے تھا، اب حکومت عوام کا سامنا کرنے سے گریز کر رہی ہے۔ تیمور سلیم جھگڑا نے مزید کہا کہ وزیراعظم تین ہفتوں تک خود یہ دعوی کرتے رہے کہ وہ عوام کو ریلیف فراہم کر رہے ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں اس سے پہلے کبھی پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اتنا بڑا اضافہ نہیں دیکھا گیا۔

بقیہ نمبر 27

ٹول ٹیکس میں 5 اپریل سے ہونے والا اضافہ معطل کرنے کا اعلان کرتے ہوئے نیا نوٹیفکیشن جاری کر دیا جبکہ این ایچ اے کا یکم اپریل کو جاری ہونے والا نوٹیفکیشن معطل کر دیا۔ عبدالعلیم خان کا کہنا ہے کہ موجودہ صورت حال میں شہریوں پر مزید بوجھ نہیں ڈالا جا سکتا، پٹرول و ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے سے پہلے ہی مشکلات کا سامنا ہے، حالات مشکل، قوم مل کر اس صورتحال کا مقابلہ کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا وزیراعظم کی ہدایت پر عوام کی مشکلات کم کرنے کیلئے جو بھی ہو سکا کریں گے۔ این ایچ اے نے مالی سال 2025-26 میں ٹول پلازہ فیس کی مد میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا۔

بقیہ نمبر 28

تھا۔ وزیراعظم نے پاکستان ریلویز کو کسی بھی کلاس کے کرائے بڑھانے سے منع کر دیا، اکانومی، اے سی کلاسز سمیت کسی کرائے میں کوئی اضافہ نہیں کیا جائے گا۔ تاجر برادری کی سہولت کیلئے فریٹ ٹرینوں کے کرایوں میں بھی کوئی اضافہ نہیں کیا جائے گا، وزیر اعظم کی ہدایت پر 30 جون تک 6 ارب روپے کا اضافی بوجھ حکومت نے اپنے ذمہ لے لیا۔ وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے مشکل وقت میں مسافروں کے دل جیت لیے ہیں۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ یہ عوام کیلئے تحفہ ہے، اس اقدام سے ریلوے کا سفر ہر شخص کی پہنچ میں رہے گا۔

بقیہ نمبر 29

پوری دنیا کے لیے ایک تیل کا فوارہ ثابت ہوگا؟۔

بقیہ نمبر 30

جیسے ایندھن درآمد کرنے والے ملک پر دباؤ بڑھ گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس معاملے پر صدر آصف علی زرداری اور بعد ازاں وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت اعلی سطح کے اجلاسوں میں غور کیا گیا جہاں تمام صوبوں کو اعتماد میں لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس ایندھن اور گیس کے محدود ذخائر ہیں جو ملکی ضروریات کے لیے ناکافی ہیں۔ عالمی قیمتوں میں اضافے کے باوجود وفاقی حکومت نے ابتدائی طور پر قیمتیں برقرار رکھیں تاہم اس عمومی سبسڈی سے کھپت میں اضافہ اور مالی بوجھ بڑھ گیا۔ وزیراعلی نے کہا کہ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کی سفارش پر حکومت نے عمومی سبسڈی کے بجائے ہدفی نظام اختیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے جو غریب ترین طبقات پر مرکوز ہوگا۔ انہوں نے بتایا کہ ایک ماہ کے ہدفی ریلیف نظام کو حتمی شکل دی جا رہی ہے جس کے چار اہم اجزا ہوں گے جن پر وفاقی اور صوبائی حکومتیں مشترکہ طور پر عمل درآمد کریں گی۔ موٹر سائیکل سواروں کے لیے ریلیف کا اعلان کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سندھ میں تقریبا 67 لاکھ رجسٹرڈ موٹر سائیکلیں ہیں اور ہر رجسٹرڈ مالک کو ماہانہ 2 ہزار روپے فراہم کیے جائیں گے جو 20 لیٹر ایندھن پر فی لیٹر 100 روپے سبسڈی کے برابر ہوگا۔ اس مقصد کے لیے محکمہ ایکسائز نے ایک ڈیجیٹل ایپلی کیشن تیار کی ہے، جس کے ذریعے صارفین اپنا قومی شناختی کارڈ اور بینک تفصیلات درج کر کے رجسٹریشن کر سکیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 15 دن کے لیے موٹر سائیکل کی ملکیت کی منتقلی معطل کر دی گئی ہے تاکہ اصل مستحقین کو فائدہ پہنچ سکے۔ زرعی شعبے کے حوالے سے وزیراعلی نے بتایا کہ ایک سے 25 ایکڑ زمین رکھنے والے تقریبا 3 لاکھ 36 ہزار چھوٹے کاشتکاروں کو فی ایکڑ 1500 روپے دیے جائیں گے تاکہ گندم کی تھریشنگ کے لیے ڈیزل اخراجات میں مدد فراہم کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ مستند ڈیٹا کی دستیابی کے باعث ادائیگیاں آئندہ ہفتے سے شروع کر دی جائیں گی۔ ٹرانسپورٹ کے کرایوں میں اضافے کو روکنے کے لیے حکومت نے ٹرانسپورٹرز کے لیے بھی سبسڈی اسکیم متعارف کرائی ہے جس کے تحت مسافر بسوں کو فی گاڑی ایک لاکھ روپے، دو ایکسل مال بردار ٹرکوں کو 70 ہزار روپے اور ہیوی ٹرانسپورٹ گاڑیوں کو 80 ہزار روپے فراہم کیے جائیں گے۔ وزیراعلی نے کہا کہ سندھ میں 27 ہزار سے زائد بسیں ہیں اور شہری بسوں کے لیے اضافی 1 لاکھ 40 ہزار روپے دیے جائیں گے کیونکہ ان کا ایندھن خرچ زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹرز سے کرایوں میں اضافہ نہ کرنے کا حلف لیا جائے گا جبکہ محکمہ ٹرانسپورٹ اس حوالے سے اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کر رہا ہے۔ اس اقدام کا مقصد مہنگائی کو قابو میں رکھنا اور مسافروں کو تحفظ فراہم کرنا ہے۔ وزیراعلی نے مزید بتایا کہ مربوط حکمت عملی کے تحت پاکستان ریلوے نے بھی کرایوں میں اضافہ نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کا اضافی مالی بوجھ وفاقی حکومت برداشت کرے گی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ حکومت مارکیٹوں کے اوقات کار کے تعین کی تجویز پر بھی غور کر رہی ہے۔ ایک اور سوال پر انہوں نے بتایا کہ سندھ حکومت نے دو سال قبل گندم خریدی تھی اور دونوں سالوں کا ذخیرہ موجود ہے۔ گزشتہ سال گندم کی خریداری نہ ہونے سے کاشتکاروں کو نقصان اٹھانا پڑا، اس لیے رواں سال گندم خریدنے کا فیصلہ کیا گیا ہے تاکہ قیمتوں کو مستحکم رکھا جا سکے، کاشتکاروں کو سہارا دیا جا سکے اور گندم درآمد کرنے کی ضرورت نہ پڑے۔ وزیراعلی سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ حکومت معاشی دباؤ کے اس دور میں عوام کے کمزور طبقات کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری ترجیح یہ ہے کہ ہدفی ریلیف فراہم کیا جائے اور مالی نظم و ضبط کو برقرار رکھا جائے تاکہ عام آدمی کو اس مشکل وقت میں سہارا دیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 31

پرادا نہیں کیا جا رہا، قبائلی اضلاع کو مالی طور پر مکمل ضم نہ کرنا وفاق کی ناکامی ہے، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں صوبہ اپنے وسائل استعمال کر رہا ہے، وفاق سے امداد نہیں مل رہی۔ سہیل آفریدی نے مزید کہا کہ درآمدات میں اضافہ، برآمدات میں کمی سے تجارتی خسارہ بڑھ رہا ہے۔

بقیہ نمبر 32

مصنوعات کی قیمتوں میں عالمی سطح پر مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں سے پاکستان بھی متاثر ہو رہا ہے، حکومت عوام کو ریلیف دینے کے لیے اقدامات کر رہی ہے، حکومت پاکستان عوام کو ٹارگٹڈ سبسڈی دے رہی ہے، دنیا کے مختلف ممالک میں پٹرول اور ڈیزل دستیاب ہی نہیں۔ مشیر وزیراعظم کا کہنا تھا کہ حکومت کفایت شعاری اقدامات پر عمل پیرا ہے، وزیراعظم نے بروقت اقدامات کر کے پٹرولیم کی فراہمی یقینی بنائی، دنیا میں مختلف ممالک کے لوگ لمبی لائنوں میں لگے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ ہم نے ایک دوسرے کا گریبان نہیں پکڑنا، عوام کو اس چیز کا ادراک ہونا، حکومت جنگ بند کرانے کے لیے بھی کوششیں کر رہی ہے، احتجاج کر کے ہم ملک کو کمزور کرنے کی کوشش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس موقع پر مثبت کردار ادا کرنا چاہیے یہ بحران ہمارا پیدا کردہ نہیں ہے، ہم اس بحران سے بھی باوقار قوم کی طرح نکلیں گے۔ مشیر وزیراعظم کا کہنا تھا کہ سبسڈی کیڈریعے عوام کو ریلیف دیا جا رہا ہے، کچھ لوگ صورتحال کا فائدہ اٹھا کر سیاسی ایجنڈا آگے بڑھانا چاہتے ہیں، حکومت کو کریڈٹ دینے کے بجائے احتجاج کی ہوا دے رہے ہیں۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ عالمی سطح پر قیمتیں ایران جنگ کی وجہ سے بڑھی ہوئی ہیں، چند عناصر موجودہ حالات میں عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 33

بانی پی ٹی آئی نے حق دفاع ختم کرنے کیخلاف سپریم کورٹ سے رجوع کیا تھا۔ سابق جج منصور علی شاہ کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے درخواست مسترد کر دی تھی، بانی پی ٹی آئی نے سپریم کورٹ میں نظرثانی درخواست دائر کر رکھی ہے۔

بقیہ نمبر 34

ہوئے، ایک لاکھ 13 ہزار شہری املاک کو نقصان ہوا، 90 ہزار گھر اور 760 تعلیمی ادارے بھی تباہ ہوئے ہیں۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے دعوی کیا ہے کہ اس نے ایک اور امریکی ایف-35 طیارہ اس وقت مار گرایا جب وہ وسطی ایران کے اوپر پرواز کر رہا تھا۔ فارس نیوز ایجنسی کی ٹیلیگرام پوسٹ میں بتایا گیا کہ لڑاکا طیارہ مکمل طور پر تباہ ہو کر گر کر تباہ ہو گیا اور طیارے کو شدید نقصان پہنچنے کے باعث پائلٹ کے بارے میں کوئی معلومات دستیاب نہیں ہیں۔ ایران کی مہر نیوز ایجنسی نے بھی ٹیلیگرام پر ایک پوسٹ میں کہا کہ شدید دھماکے کی وجہ سے امکان نہیں ہے کہ پائلٹ طیارے سے باہر نکلنے میں کامیاب ہوا ہو، امریکی سینٹرل کمانڈ نے فوری طور پر ان دعووں پر کوئی ردعمل نہیں دیا، تاہم اس نے آئی جی آر سی کے پہلے اس دعوے کو مسترد کر دیا تھا کہ اس نے ایک امریکی لڑاکا طیارہ مار گرایا ہے۔ پاسداران انقلاب نے دعوی کیا ہے کہ انہوں نے دبئی میں امریکی ٹیکنالوجی کمپنی اوریکل کے ایک ڈیٹا سینٹر کو نشانہ بنایا ہے، یہ حملہ گزشتہ روز کمال خرازی اور ان کی اہلیہ کے قتل کی کوشش کے جواب میں کیا گیا، تاہم دبئی انتظامیہ نے ایران کی جانب سے اوریکل کمپنی پر حملے کے دعوے کی تردید کی ہے۔ یہ کارروائیاں خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پس منظر میں سامنے آئی ہیں، اس کے بعد کہ پاسدارانِ انقلاب نے اس سے قبل امریکہ کی 18 بڑی ٹیکنالوجی اور صنعتی کمپنیوں کی ایک فہرست جاری کی تھی جن میں مائیکروسافٹ، گوگل، ایپل، میٹا، انٹیل، آئی بی ایم، ٹیسلا اور بوئنگ شامل ہیں اور انہیں مشرق وسطی میں اپنی تنصیبات کو نشانہ بنائے جانے کی دھمکی دی گئی تھی۔ ایران مسلح افواج نے دعوی کیا ہے کہ اس نے پورے خطے میں موجود امریکی اسٹریٹجک ریڈار سسٹم اور بحری تنصیبات کو تباہ کرنے کے ساتھ ساتھ فلسطین کے مقبوضہ علاقوں میں اسرائیل کے 50 مقامات کو نشانہ بنایا ہے۔ ایرانی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق پاسداران انقلاب کے شعبہ تعلقات عامہ سے جاری بیان میں کہا گیا کہ ایرانی بحریہ اور ایرو اسپیس فورس نے آپریشن وعدہ صادق 4 کی 92 ویں مہم کے آغاز کے ساتھ ہی خطے اور مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں موجود امریکی ریڈار سسٹم اور بحری تنصیبات پر بیلسٹک میزائلوں اور خودکش ڈرونز سے حملہ کیا۔ بیان میں کہا گیا کہ بحری حملے کے پہلے مرحلے میں اپنائی گئی حکمت عملی کو کامیابی حاصل ہوئی، جس میں امریکی ایمفیبیئس لینڈنگ کرافٹ یوٹیلیٹی (ایل سی یو) جہاز جمع کرنے کے مقام (شویخ بندرگاہ) کو بیلسٹک میزائلوں کے ذریعے تباہ کر دیا گیا۔ پاسداران انقلاب کے مطابق بحرین میں جبل الدخان کے ریڈار سائٹ پر نصب اے آر 327- طویل فاصلے تک نگرانی کرنے والا تھری ڈی ارلی وارننگ ریڈار کو بھی ڈرون حملے میں نشانہ بنا کر تباہ کر دیا گیا ہے۔ بیان میں بتایا گیا کہ پاسداران انقلاب کی ایرو اسپیس فورس نے گزشتہ رات کے حملوں کے تسلسل میں کامیابی کے ساتھ دو بیلسٹک میزائل فائر کیے، جنہوں نے حیفہ کے جنوب مشرق میں واقع رمات ڈیوڈ ایئربیس کو نشانہ بنا کر تباہ کر دیا جہاں اسرائیلی F-16 لڑاکا طیاروں کے اسکواڈرن موجود ہیں۔

بقیہ نمبر 35

مطابق اورنج لائن ٹرین، میٹرو بس سروس، سپیڈو بس اور گرین الیکٹرو بس میں سفر کے دوران شہریوں کو ٹکٹ نہیں خریدنا پڑے گا۔ حکومت نے موٹر سائیکل سواروں کو سبسڈی دینے کا فیصلہ کیا ہے، ہر رجسٹرڈ بائیک والے شہری کو 20 لٹر پر 100 روپے سبسڈی ملے گی۔ وزیراعلی مریم نواز شریف نے تاریخی عالمی بحران میں پنجاب کے عوام کے ریلیف کے لیے بڑے ریلیف پیکج کا اعلان کرتے ہوئے عالمی بحران کے باوجود ایک ماہ تک پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی سپلائی اور نرخ برقرار رکھنے پر وزیراعظم محمد شہباز شریف کو خراج تحسین پیش کیا۔ مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ ایک ماہ میں اربوں روپے کا ریلیف دے کر وزیراعظم شہباز شریف نے عوام کو مشکلات سے بچانے کی بھرپور اور مخلصانہ کوشش کی، وزیراعظم شہباز شریف نے بدترین معاشی صورتحال میں عوام کو ریلیف دیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ مشکل حالات میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، ان غیر معمولی حالات میں شہری ذاتی سواری کے بجائے پبلک ٹرانسپورٹ استعمال کریں، جنگ کے نتیجے میں پوری دنیا شدید عالمی معاشی بحران کا شکار ہے۔ وزیراعلی پنجاب نے کہا ہے کہ پاکستان درآمدی تیل پر انحصار کی وجہ سے جنگ کے اثرات سے زیادہ متاثر ہو رہا ہے، وعدہ ہے کہ حالات کی بہتری کے ساتھ ہی عوام کو معاشی بوجھ سے نجات دلائیں گے۔

بقیہ نمبر 36

خاندانوں کے ساتھ ہیں۔ پاکستان کی بہادر فورسز فتنۃ الخوارج کے دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے کے لیے پوری طرح چوکس ہیں۔

بقیہ نمبر 37

کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے کہا کہ ملک میں بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کے ناسور کا جڑ سے خاتمہ کیا جانا اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کیلئے قومی عزم غیر متزلزل ہے۔ صدر مملکت نے جاں بحق ہونے والے افراد کی مغفرت اور زخمی ہونے والوں کی جلد صحت یابی کے لئے دعا کی۔

بقیہ نمبر 38

سب زیادہ ٹیکس کیوں ہے؟ اس لئے کہ حکومت کا خرچ زیادہ ہے اور آمدن کم۔ خرچ عوام پر تو نہیں ہوتا۔ نہ ہی تعلیم پر اور نہ ہی صحت پر۔ تو یہ بے پناہ خرچ کس پر ہوتا ہے؟ آپ کا کام تو صرف کمر توڑ ٹیکس دینا ہے تاکہ یہ نااہل اور کرپٹ اشرافیہ آپ کے بل بوتے پر اپنی شاہانہ زندگی کو برقرار رکھ سکے۔

بقیہ نمبر 39

عالمی قیمتیں نہیں بلکہ بھاری ٹیکسز، پیٹرولیم لیوی، روپے کی گرتی قدر، درآمدی انحصار اور مسلسل ناکام پالیسی سازی ہے۔ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا پاکستان کے برعکس دنیا کے دیگر ممالک نے اس بحران کے دوران اپنے شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے پیٹرولیم لیوی اور ٹیکس میں کمی کی جبکہ پاکستان نے پیٹرولیم لیوی اور ٹیکس میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے۔ یہ حکمرانی نہیں بلکہ عوامی استحصال ہے، جہاں اشرافیہ محفوظ اور عام آدمی مسلسل قربانی دے رہا ہے۔ یہ محض اتفاق نہیں بلکہ نااہلی، کرپشن اور عوام دشمن نظام کا واضح ثبوت ہے۔

بقیہ نمبر 40

دوران سماعت علیمہ خان، عظمی خان، مسرت جمشید اور جمشید نے عدالت پیش ہو کر حاضری لگوائی جبکہ اعظم سواتی اور اسد عمر نے حاضری معافی کی درخواست دائر کی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ اعظم سواتی صحت کی خرابی جبکہ اسد عمر نے فلائٹ کی عدم دستیابی کے باعث عدالت پیش نہیں ہو سکتے، عدالت نے دونوں ملزمان کی حاضری معافی منظور کر لی اور تمام ملزمان کی عبوری ضمانتوں میں سات مئی تک توسیع کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر پراسیکوشن سے ریکارڈ اور وکلا سے دلائل طلب کر لیے۔ ملزمان پرتوئی جلاگھیراؤ کے مقدمات درج ہیں،

بقیہ نمبر 41

علاقوں میں کیا گیا جس کی ویڈیو اور تصاویر کراچی والوں نے اپنے سوشل پلیٹ فارمز پر شیئر کی۔ سعدی ٹاؤن کے علاقے سے لی گئی تصویر میں بادلوں کے صاف ہونے کے ساتھ ہی اسکائی لائن پر ایک مکمل قوس قزح دیکھا گیا۔ یہ تصویر کراچی ایئرپورٹ کے قریبی رہائشی علاقے سے لی گئی ہے جس میں مکمل قوس قزح کو دیکھا جا سکتا ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل اس ویڈیو کو ایک صارف کی جانب سے اپنے گھر سے بنایا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 42

کے ایک وسیع سلسلے کا حصہ ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ فورس ناخوشگوار واقعات کے لیے تیار ہے، ایک پبلک ریلیشنز افسر نے تصدیق کی۔ اس نقالی میں مختلف محکموں کی مربوط کوششیں شامل تھیں، جس میں اسلام آباد پولیس، بم ڈسپوزل اسکواڈ، پیرا میڈیکل اسٹاف، فائر بریگیڈ، اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں نے شرکت کی۔ ایک بیان کے مطابق، مشق کا بنیادی مقصد ہنگامی خدمات کی کم سے کم وقت میں جائے وقوعہ پر پہنچ کر اور معیاری آپریٹنگ طریقہ کار (SOPs) کے مطابق بروقت کارروائی کر کے صورتحال پر قابو پانے کی صلاحیت کو جانچنا تھا۔ حکام نے اس بات کی تصدیق کی کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام ممکنہ کوششیں کر رہی ہے اور اس سلسلے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی۔ عوام سے درخواست ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے بارے میں پکار 15-ہیلپ لائن پر کال کر کے اطلاع دیں۔

بقیہ نمبر 43

سائٹ ایکس پر جاری بیان میں مریم اورنگزیب نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کو دل کی گہرائیوں سے خراج تحسین پیش کرتی ہوں جنہوں نے عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باوجود ایک ماہ تک اس کا بوجھ عوام پر منتقل نہیں ہونے دیا، یہ صرف ایک فیصلہ نہیں بلکہ ذمہ دار قیادت، مؤثر حکمت عملی اور بہترین فسکل مینجمنٹ کی واضح مثال ہے۔

بقیہ نمبر 44

الدین، پی ڈی ریبیز کنٹرول پروگرام سندھ محترمہ سمیرا حسین، اور ایف پی سی سی آئی کی سی ایس آر ایگزیکٹو محترمہ شمسہ جبین نے شرکت کی۔ اجلاس میں اس امر پر زور دیا گیا کہ ملک میں کتے کے کاٹنے اور ریبیز جیسے سنگین مسئلے سے نمٹنے کے لیے مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ اہم اسٹیک ہولڈرز نے عزم ظاہر کیا کہ وہ کتے کی آبادی پر قابو پانے، عوامی آگاہی بڑھانے، اور ویکسینیشن و علاج کی سہولیات کو آسان بنانے کے لیے مل کر کام کریں گے۔ چیف سیکریٹری سندھ جناب آصف حیدر شاہ نے کہا، "ہم شہریوں کو کتے کے کاٹنے سے محفوظ رکھنے اور پاکستان سے ریبیز کے خاتمے کے لیے مشترکہ طور پر کام کرنے کے عزم پر قائم ہیں۔" جناب ثاقب فیاض مگوں نے ریبیز کنٹرول کی حکمت عملی کے حوالے سے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی جانب سے ہر ممکن تعاون اور کردار ادا کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ شرکا نے اس بات پر اتفاق کیا کہ وہ ایک جامع منصوبہ تیار کرنے کے لیے باہمی اشتراک سے کام کریں گے، جس میں حکومتی اداروں، صحت کے شعبے سے وابستہ افراد اور عوام کو شامل کر کے مستقبل میں پاکستان کو ریبیز سے پاک ملک بنایا جا سکے۔

بقیہ نمبر 45

کانفرنس بلائی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ مہنگائی کے خلاف احتجاجی مارچ بھی کئے جائیں گے، 7 اپریل کو علیمہ بی بی کی جانب سے پارٹی کے عہدے داروں کو کال دی گئی ہے اور توقع ہے کہ ہمارے 10 ہزار تنظیمی عہدے دار اڈیالہ میں اکٹھے ہوں گے۔ 9 اپریل کو وزیراعلی خیبر پختونخوا راولپنڈی میں جلسہ کریں گے تاہم اگر جلسے کی اجازت نہ ملی تو فیصلہ سڑکوں پر احتجاج کے ذریعے عوامی آواز بلند کرنے کا ہوگا۔ سلمان اکرم راجا نے کہا کہ عوام کے مسائل کے حل کے لیے سبھی اقدامات کیے جائیں گے اور سیاسی قیادت احتجاج کے لیے تیار ہے۔ یہ سلسلہ صوبے اور راولپنڈی میں عوامی شرکت اور سیاسی احتجاج کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے جبکہ مہنگائی اور پیٹرولیم قیمتوں کے اثرات کے خلاف تنظیمی عہدے دار فعال کردار ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر 46

ہماری ذمہ داری ہمارا بھائی ہے، جس کی رہائی کے لیے پوری کوشش کر رہے ہیں، زیادہ سے زیادہ ہمیں مار ڈالیں یا جیلوں میں ڈالیں گے، ہم شہادت کیلیے تیار ہیں۔ علیمہ خان نے کہا کہ ان کا ارادہ ہے کہ کئی سال تک بانی پی ٹی آئی کو جیل سے نہ نکالا جائے اب ایک ہی طریقہ ہے کہ مزاحمت کرنا ہے، پی ٹی آئی کے کم از کم 50،60 ہزار نوٹیفائڈ عہدے دار ہیں، صرف پنڈی ڈویژن کے پندرہ سے بیس ہزار لوگ ہیں، ہماری اپیل ہے کہ قریبی اضلاع کے دس ہزار عہدیداران منگل کو اڈیالہ جیل کے باہر پہنچیں، جب تک پریشر نہیں بنائیں گے، بانی رہا نہیں ہوگا۔

حافظ نعیم

حکمران اپنی عیاشیاں کم کرنے کو تیار نہیں

مہنگے جہاز اور مہنگی گاڑیاں عوام پر بوجھ ہے، پٹرول کی قیمت 458 روپے تک پہنچانا ظلم، پہلے 55 روپے، پھر 137 روپے اضافہ عوام پر ظلم کی انتہا ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

حکومت نے عوام پر پٹرول بم گرا دیا، پٹرولیم مصنوعات میں اضافہ ناقابل قبول ہے، پٹرولیم قیمتوں میں اضافہ مسترد، امیر جماعت اسلامی کا احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان

کراچی (ویب ڈیسک) جماعت اسلامی نے پٹرولیم قیمتوں میں اضافہ مسترد کرتے ہوئے ملک بھر میں احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان کر دیا۔ اپنے ایک بیان میں امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ حکومت نے عوام پر پٹرول بم گرا دیا، پٹرولیم مصنوعات میں اضافہ ناقابل قبول ہے، پٹرول کی قیمت 458 روپے تک پہنچانا ظلم ہے، پہلے 55 روپے، پھر 137 روپے اضافہ عوام پر ظلم کی انتہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ غریب اور مڈل کلاس کو زندہ درگور کیا جا رہا ہے، غریب اور مڈل کلاس طبقہ شدید متاثر ہے، حکمران اپنی عیاشیاں کم کرنے کو تیار نہیں، مہنگے جہاز اور مہنگی گاڑیاں عوام پر بوجھ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اضافے سے براہ راست بائیکرز، ڈیلیوری ورکرز، طلبہ و مزدور سمیت سب متاثر ہوں گے، صرف پٹرول نہیں، ٹیکسز میں بھی اضافہ کیا گیا، لیوی ختم ہونی چاہیے تھی، لیکن حکومت نے الٹا بوجھ بڑھا دیا ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ آئی ایم ایف کے سامنے جھکنے کے بجائے عوام کو ریلیف دیا جائے، آئی پی پیز کو اربوں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر7

کسی قوم کو پتھر کے دور میں واپس بھیجنے کی دھمکی دینا ایک سنگین سوال جنم دیتا ہے، ایرانی صدر



تہران (ویب ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا کہنا ہے کسی پوری قوم کو پتھر کے دور میں واپس بھیجنے کی دھمکی دینا ایک سنگین سوال کو جنم دیتا ہے، کیا یہ کسی بڑے جنگی جرم کے سوا کچھ اور ہوسکتا ہے؟ ایکس بیان میں انہوں نے کہا کہ میں نے بھی سوال اپنے فن لینڈ کے ہم .....بقیہ صفحہ 3 نمبر8

انڈیکس میں گراوٹ، اسٹاک مارکیٹ سے اربوں کا صفایا

تجارتی سیشن میں مارکیٹ کی کل مالیت سے 158 ارب روپے سے زائد کا صفایا ہوگیا

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں بروز جمعہ شدید مندی کا رجحان رہا، جس کے باعث بینچ مارک KSE-100 انڈیکس 1,600 سے زائد پوائنٹس گر گیا اور ایک ہی تجارتی سیشن میں مارکیٹ کی کل مالیت سے 158 ارب روپے سے زائد کا صفایا ہوگیا۔ KSE-100 انڈیکس دن کے اختتام پر 150,398.71 پر بند ہوا، جو گزشتہ روز کے مقابلے میں 1,612.55 پوائنٹس یا 1.06 فیصد کی کمی ہے۔ غیر مستحکم سیشن کے دوران، .....بقیہ صفحہ 3 نمبر9

نرسری علاقے میں جمع بارش کا پانی کراچی میں متعلقہ محکمے کی غفلت کو اجاگر کرتا ہے

اسلام آباد میں ایک ماہ کیلئے پبلک ٹرانسپورٹ مفت کرنیکا اعلان

اس سہولت کے اخراجات وزارت داخلہ برداشت کرے گی، محسن نقوی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اعلان کیا ہے کہ اسلام آباد میں تمام پبلک ٹرانسپورٹ آئندہ 30 روز کے لیے مفت کر دی جائے گی۔ محسن نقوی کے مطابق یہ اقدام وزیراعظم کی ہدایت پر عوامی ریلیف کے لیے اٹھایا گیا ہے، جبکہ اس سہولت کے اخراجات وزارت داخلہ برداشت کرے گی۔ انہوں نے بتایا کہ اس منصوبے کے لیے تقریبا 35 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں تاکہ شہریوں کو مہنگائی کے دوران سفری سہولت فراہم کی جا سکے۔ وزیر داخلہ کا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر23

سکھر: بارش کے دوران شہری سموسے، پکوڑی خرید رہے ہیں

پاکستانی خلیجی ممالک میں سیاسی احتجاج سے اجتناب کریں، طاہر اشرفی

بیرون ملک پاکستانی نہ صرف ملک کے سفیر ہیں بلکہ قومی معیشت میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں

لاہور (ویب ڈیسک) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ پاکستانی خلیجی ممالک میں سیاسی احتجاج اور نعرہ بازی سے اجتناب کریں۔ صوبائی دارالحکومت میں حافظ طاہر محمود اشرفی کا عالم اسلام کی موجودہ صورتحال کے تناظر میں عرب اور دیگر اسلامی ممالک میں مقیم پاکستانیوں کے نام اہم پیغام جاری کرتے ہوئے کہنا تھا کہ بیرون ملک پاکستانی نہ صرف ملک کے سفیر ہیں بلکہ قومی معیشت میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر22

خاموشی سب سے بڑا جواب ہوتا ہے، یہ اس وقت بولتی ہے جب الفاظ ناکام ہو جائیں، ریما خان

نیویارک (ویب ڈیسک) پاکستانی معروف اداکارہ ریما خان کا کہنا ہے کہ خاموشی سب سے بڑا جواب ہوتا ہے، یہ اس وقت بولتی ہے جب الفاظ ناکام ہو جائیں۔ فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر امریکا میں مقیم اداکارہ نے اہم اور معنی خیز پیغام شیئر کیا ہے تاہم انہوں نے اپنے پیغام میں کسی کا نام نہیں لیا۔ سوشل میڈیا پر شیئر کردہ ویڈیو میں ریما .....بقیہ صفحہ 3 نمبر19

عالمی حالات بہتر ہوں گے، عوام کو ریلیف فراہم کیا جائیگا، مریم اورنگزیب

لاہور (ویب ڈیسک) پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے پر کہاہیکہ جیسے جیسے عالمی حالات بہتر ہوں گے اسی عزم اور حکمت کے ساتھ ریلیف بھی فراہم کیا جائے گا۔ سماجی رابطے کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر43

جوڈیشل کمپلیکس میں ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے اعلیٰ سطحی سیکیورٹی مشق

اسلام آباد (ویب ڈیسک) تیاریوں کے ایک اہم مظاہرے میں، متعدد سیکیورٹی اور ایمرجنسی یونٹس نے کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال پر اپنے ردعمل کو تقویت دینے کے لیے آج اسلام آباد ہائی کورٹ (IHC) کمپلیکس میں ایک جامع فرضی مشق کی۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس (IGP) سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر منعقد کی گئی یہ مشق، شہر بھر میں کی جانے والی مشقوں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر42

پاکستان میں ریبیز کے خاتمے اور کتے کے کاٹنے سے تحفظ کے لیے

اہم اجلاس کا انعقاد، مسئلے سے نمٹنے کیلئے مشترکہ کوششیں ناگزیر قرار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان میں کتے کے کاٹنے سے تحفظ اور ریبیز کے خاتمے کے لیے حکمت عملی طے کرنے کے سلسلے میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف سیکریٹری سندھ جناب آصف حیدر شاہ، ایف پی سی سی آئی کی سی ایس آر کمیٹی کے سربراہ و لائف ممبر جناب صدیق شیخ، انڈس ہسپتال اینڈ ہیلتھ نیٹ ورک کے صدر ڈاکٹر عبدالباری خان، شعبہ امراض متعدی کی سربراہ محترمہ نسیم صلاح .....بقیہ صفحہ 3 نمبر44

کراچی میں بارش کے بعد کینٹ روڈ پر ایک گڑھے میں رولر پھنسا ہوا ہے

کراچی میں بارش کے بعد قوس قزح کے رنگ بکھر گئے

کراچی (ویب ڈیسک) قوس قزح کے رنگوں نے شہریوں کو اپنے سحر میں جکڑ لیا۔ گزشتہ روز شدید بارش کے بعد شہر کے کچھ حصوں میں قوس قزح کے رنگوں کو دیکھا گیا جو ایک نادر اور حیران کن منظر پیش کر رہا تھا۔ یہ نظارہ شہر کے کئی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر41

9 مئی کیس: علیمہ و عظمیٰ کی عبوری ضمانت میں توسیع

لاہور (ویب ڈیسک) لاہور کی انسداد دہشتگردی عدالت نے نو مئی کے مقدمات میں شاہ محمود قریشی، بانی پی ٹی آئی کی بہنوں علیمہ خان، عظمیٰ خان سمیت دیگر کی عبوری ضمانتوں میں 7 مئی تک توسیع کر دی، علیمہ خان نے احتجاج کی کال دے دی۔ لاہور کی انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت کے ڈیوٹی جج نے نو مئی کے مقدمات میں عبوری ضمانتوں پر سماعت کی، .....بقیہ صفحہ 3 نمبر40

وزیر دفاع

ہمیں عوام کی مشکلات کا شدید احساس ہے

پاکستان میں سپلائی برقرار رکھنا ایک بڑا چیلنج تھا جسے حکومت نے کامیابی سے سنبھالا اور قلت سے بچایا

پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کسی ایک ملک کا فیصلہ نہیں بلکہ اسرائیل کے جنگی جنون، مسلم دشمنی اور جارحانہ عزائم کا نتیجہ ہے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کا کہنا ہے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کسی ایک ملک کا فیصلہ نہیں بلکہ اسرائیل کے جنگی جنون، مسلم دشمنی اور جارحانہ عزائم کا نتیجہ ہے۔ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا جن مسلم ممالک سے پٹرول نکلتا ہے یا جس کی حدود سے گزر کر دنیا تک پہنچتا ہے، اسرائیل کے مسلمانوں کی نسل کشی کے جنون سے سب شدید .....بقیہ صفحہ 3 نمبر1

پاکستان میں ایندھن کی قیمتیں پڑوسی ممالک سے زیادہ ہے، کاٹی

ایندھن کی قیمتوں میں ریکارڈ اضافہ صنعتی بندشوں اور معاشی عدم استحکام کا خطرہ ہے

کراچی (ویب ڈیسک) ایک ممتاز صنعتی ایسوسی ایشن کے سربراہ نے حکومت کی جانب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ زبردست اضافے کی شدید مذمت کی، اسے ایک "معاشی جھٹکا" قرار دیا جو ملک کو شدید مالی عدم استحکام کی طرف دھکیلنے اور وسیع پیمانے پر صنعتی بندشوں کو جنم دینے کا خطرہ ہے۔ ایک بیان میں، کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے صدر محمد اکرام راجپوت نے اس بے مثال اضافے کو جس نے پیٹرول کو 458.41 .....بقیہ صفحہ 3 نمبر2

پی ٹی آئی نے 9 اپریل کو لیاقت باغ جلسے کے لیے اجازت مانگ لی

راولپنڈی (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے 9 اپریل کو لیاقت باغ جلسے کے لیے اجازت مانگ لی۔ ضلعی سیکرٹری جنرل عاقل خان نے ڈپٹی کمشنر کو درخواست جمع کروا دی۔ وکلا ٹیم کے ہمراہ تحریک انصاف .....بقیہ صفحہ 3 نمبر10

صدر مملکت کا سینئر رہنما رئیس غلام قادر مری کے انتقال پر اظہار افسوس

اسلام آباد (ویب ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما رئیس غلام قادر مری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدر مملکت نے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر3

شرجیل میمن

ٹرانسپورٹ سیکٹر کو درپیش مشکلات سے بخوبی آگاہ ہیں

سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن اور پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس کے صدر ملک شہزاد اعوان کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا

ٹیلیفونک گفتگو میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے بعد ٹرانسپورٹرز کو پیش آنے والے چیلنجز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت نے ٹرانسپورٹرز کو درپیش مسائل کے حل کے لیے کوششیں لینے کا کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن اور پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ الائنس کے صدر ملک شہزاد اعوان کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا، جس میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کے بعد ٹرانسپورٹرز کو پیش آنے والے چیلنجز پر تفصیلی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر11

UP TO 4.7% FUEL SAVINGS

کراچی: پیٹرول مہنگا ہونے کے بعد شہری پیٹرول ڈلوا رہا ہے

جیٹ فیول مزید مہنگا، ایئرلائنز کے کرایوں میں اضافے کا امکان

کراچی (ویب ڈیسک) جیٹ فیول کی قیمت میں 40 روپے فی لیٹر اضافہ کر دیا گیا۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق کمرشل پروازوں کیلیاروں کے جیٹ فیول قیمت میں ایک ماہ میں چھٹی بار اضافہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہیکہ ملک .....بقیہ صفحہ 3 نمبر24

شہباز شریف ہتک عزت کیس: بانی پی ٹی آئی کی نظرثانی درخواست سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) سپریم کورٹ نے شہباز شریف کی جانب سے دائر ہتک عزت کیس میں بانی پی ٹی آئی کی نظرثانی درخواست سماعت کیلئے مقرر کر دی۔ نجی ٹی وی چینل ایکسپریس نیوز کے مطابق جسٹس عائشہ ملک کی سربراہی میں تین رکنی بنچ 7 اپریل کو سماعت کرے گا، .....بقیہ صفحہ 3 نمبر33

سونے کی قیمتوں میں اضافہ، فی تولہ 4 لاکھ 90 ہزار سے متجاوز

کراچی (ویب ڈیسک) ملک بھر میں سونے اور چاندی کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق 24 قیراط فی تولہ سونا 3,400 روپے اضافے کے بعد 4 لاکھ 90 ہزار 362 روپے کا ہو گیا، جبکہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر14

انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت میں کمی کا تسلسل جاری

کراچی (ویب ڈیسک) انٹربینک مارکیٹ میں امریکی کرنسی کی قیمت میں کمی کا تسلسل جاری ہے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر ایک پیسے سستا ہو کر بند ہوا۔ انٹربینک میں ڈالر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر16



پیٹرولیم مصنوعات کی قیمت میں اضافے سے مہنگائی کی بدترین لہر آئیگی، سعد رفیق

حکومتی مجبوریاں اپنی جگہ لیکن عام آدمی جیے گا کیسے؟ رہنما (ن) لیگ

لاہور (ویب ڈیسک) مسلم لیگ ن کے رہنما اور سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق کا کہنا ہے حکومتی مجبوریاں اپنی جگہ لیکن پیٹرولیم مصنوعات کی قیمت میں اضافے سے مہنگائی کی بدترین لہر آئے گی۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے پیغام میں خواجہ سعد رفیق نے لکھا کہ پیٹرولیم .....بقیہ صفحہ 3 نمبر15

پیٹرولیم قیمتوں میں اضافہ لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا

لاہور (ویب ڈیسک) پیٹرولیم قیمتوں میں اضافہ لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق عدالت عالیہ میں جوڈیشل ایکٹوازم پینل کی طرف سے محمد اظہر صدیق ایڈووکیٹ نے درخواست دائر کی جس میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر21

مارچ میں عالمی خوراک کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ریکارڈ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) مارچ کے مہینے میں عالمی خوراک کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ عالمی ادارہ خوراک و زراعت نے تازہ رپورٹ جاری کر دی جس کے مطابق فروری کے مقابلے میں مارچ میں خوراک کی قیمتوں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر20

گورنر سندھ

پیٹرول کی قیمتیں ہماری حکومت نے نہیں بڑھائیں

جو وعدے حکومت نے کیے وہ پورے ہو رہے ہیں، وزیراعظم، نائب وزیراعظم اور فیلڈ مارشل امن کے لیے کوشش کر رہے ہیں

ہم نے اپنے ترقیاتی اخراجات پر کٹ لگایا ہے، ہماری قیادت خطے میں امن لانے کی کوشش کر رہی ہے، گورنر سندھ نہال ہاشمی

کراچی (ویب ڈیسک) گورنر سندھ نہال ہاشمی کا کہنا ہے کہ پیٹرول کی قیمتیں ہماری حکومت نے نہیں بڑھائی۔ کینٹ اسٹیشن پر سکھر ایکسپریس کی ریفربشڈ کوچز کے افتتاح کے موقع پر گورنر سندھ کا کہنا تھا جو وعدے حکومت نے کیے وہ پورے ہو رہے ہیں، اس ٹرین میں 1100 لوگوں کی گنجائش ہے، ہم اپنے وسائل میں رہ کر کام کریں گے۔ نہال ہاشمی نے کہا کہ پیٹرول پر قیمتیں ہماری .....بقیہ صفحہ 3 نمبر17

کراچی: طارق روڈ پر ایک شاپنگ مال کے قریب کار زمین میں دھنس گئی

کراچی: طارق روڈ پر کار خاتون سمیت زمین میں دھنس گئی

بروقت کارروائی کرتے ہوئے کار میں بیٹھی خاتون کو باہر نکال لیا گیا، پولیس حکام

کراچی (ویب ڈیسک) طارق روڈ پر ایک شاپنگ مال کے قریب کار زمین میں دھنس گئی۔ پولیس حکام نے بتایا کہ زمین میں دھنس جانے والی کار میں ایک خاتون بھی موجود تھیں۔ پولیس حکام نے بتایا ہے کہ بروقت کارروائی کرتے ہوئے کار میں بیٹھی خاتون کو باہر نکال لیا گیا۔ پولیس حکام نے یہ بھی بتایا ہے کہ گاڑی کئی فٹ اندر چلی گئی ہے اور آدھی سے زیادہ گاڑی میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر6

مولانا طارق جمیل کی موجودہ ملکی میں امتِ مسلمہ سے قنوتِ نازلہ کا غیر معینہ مدت تک اہتمام کرنیکی اپیل

لاہور (ویب ڈیسک) معروف مذہبی سکالر مولانا طارق جمیل نے موجودہ ملکی اور عالمی حالات کے تناظر میں امتِ مسلمہ سے قنوتِ نازلہ کا غیر معینہ مدت تک اہتمام کرنے کی اپیل کی ہے۔ مولانا طارق جمیل نے اپنے بیان میں عوام اور حکمرانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر5

ایران پر حملوں کے بعد وسیع خطہ خطرناک موڑ پر کھڑا ہے، عاصم افتخار

بین الاقوامی امن و سلامتی کی بنیادی ذمے داری سلامتی کونسل کی ہے

نیویارک (ویب ڈیسک) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ ایران پر حملوں کے بعد وسیع خطہ خطرناک موڑ پر کھڑا ہے۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اعلیٰ سطح کے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے انہوں کہا ہے کہ پاکستان عرب دنیا کے ساتھ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر4

پشاور کے ڈینز چوک پر ایک رکشہ بارش کے پانی سے گزر رہا ہے

تمام موٹر سائیکل سوار سبسڈی کے مستحق نہیں، مشیر وزیرِ خزانہ

صوبائی حکومتوں نے خود تجویز دی کہ موٹر سائیکلوں پر سبسڈی دے سکتے ہیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیرخزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ تمام موٹر سائیکل سوار سبسڈی کے مستحق نہیں، جس کے پاس ہیوی بائیک ہے وہ پٹرول برداشت کر سکتا ہے۔ خرم شہزاد نے کہا کہ صوبائی حکومتوں کے پاس ڈیٹا ہے کہ کتنی موٹرسائیکلیں کس صوبے میں ہیں، صوبائی حکومتوں نے خود تجویز دی کہ موٹرسائیکلوں پر سبسڈی دے سکتے ہیں۔ خرم شہزاد نے کہا کہ ایپ کے ذریعے معلوم کیا جاسکتا ہے کہ موٹرسائیکل سوار سبسڈی کے لیے رجسٹر ہے یا نہیں، بی آئی ایس پی کا ڈیٹا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر12

راولپنڈی: صادق آباد روڈ پر سیوریج نظام کی وجہ سے لوگ ٹرانسپورٹ مسائل کا سامنا کر رہے ہیں

اگر ہم سب توانائی بچائیںگے تو ملک پر دباؤ کم ہوگا، اویس لغاری

توانائی کا بحران نہ صرف تیل بلکہ گیس اور فرنس آئل پر بھی اثر انداز ہوتا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر اویس لغاری کا کہنا ہے توانائی کا بحران نہ صرف تیل بلکہ گیس اور فرنس آئل پر بھی اثر انداز ہوتا ہے جس کی وجہ سے بجلی کی قیمتوں کے اوپر بھی اثر پڑ سکتا ہے۔ اپنے ایکس بیان میں انہوں نے کہا اسی لیے حکومت مارکیٹوں کے اوقات میں تبدیلی اور بچت کے دیگر اقدامات پر صوبوں سے مشاورت کر رہی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں ہم نے عوام کو اس بوجھ سے بچانے کی ہر ممکن کوشش کی ہے اور کرتے رہیں گے۔ اگر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر13

پٹرول کی قیمتوں میں اضافہ عوام کی کمر توڑ دے گا، دفاع ممکن نہیں، سابق کپتان شاہد آفریدی

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی کا کہنا ہے کہ پٹرول کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کا دفاع ممکن نہیں ہے، شرپسند عناصر پرانی ویڈیو چلا کر غلط تاثر دے رہے ہیں۔ سوشل میڈیا پر سابق کپتان شاہد آفریدی کی ایک ویڈیو زیر گردش ہے جس میں وہ عوام کو حکومت کی کفایت شعاری مہم میں حمایت کرنے کی درخواست .....بقیہ صفحہ 3 نمبر18